روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات
ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 13
شمارہ نمبر 7
قیمت: 80 روپے
NOVEMBER
2022
موذی امراض سے نجات
دفع آسیب کا قرآنی عمل
عملیاتِ چاند گہن
عملِ خاص "یا سمعون" کے عامل بنیں
عملیات برائے حب و تسخیر
دم داڑھ اور دانت کا درد
ماہنامہ خزینہ روحانیات کے چیف ایڈیٹر خالد مقبول عارف کی روحانی خدمات پر ادارہ فیضان
روحانیہ پاکستان کی سلور جوبلی 24 ستمبر 2022ء کے موقع پر ادارہ کے مہتمم پیر صوفی الشاہ غلام
سرور شباب علوی قادری کی طرف سے پیر بہادر علی شاہ علوی روحانی ایوارڈ عطا کیا گیا۔
darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyat
khazinaruhanyat

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تاکہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن آغاز 8 نومبر دوپہر 01:02۔ اختتام 8 نومبر شام 06:56۔

نورانی اعمال

- حصار خاص
- حصار قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- **اَفَحَسِبۡتُمۡ** کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کرسکتے ہیں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 ربیع الثانی ۱۴۴۴ھ / نومبر 2022ء شمارہ 7

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27،28،29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید / موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash: 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id 5958 0016 درج کریں۔
- Omni: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- Upaisa: بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0322-7772772 0343-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

نومبر 2022ء

ربیع الثانی ۱۴۴۴ھ

اوقات ملاقات برائے اتوار
روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ

موسم گرما (مارچ تا اکتوبر): شام 4 تا 7 بجے

موسم سرما (نومبر تا فروری): شام 3 تا 6 بجے

اوقات ملاقات برائے اتوار
روحانی درس گاہ دارالعمل چشتیہ

موسم گرما (مارچ تا اکتوبر): شام 4 تا 8 بجے

موسم سرما (نومبر تا فروری): شام 3 تا 7 بجے

سالانہ تعطیلات دارالعمل چشتیہ

12 ربیع الاول　　9، 10 محرم الحرام

14 اگست　　عید الاضحیٰ (4 یوم)　　عید الفطر (4 یوم)

یارب ہے بخش دینا بندے کو کام تیرا

یارب ہے بخش دینا بندے کو کام تیرا
محروم رہ نہ جائے کل یہ غلام تیرا
جب تک ہے دل بغل میں، ہر دم ہو یاد تیری
جب تک زباں ہے منہ میں، جاری ہو نام تیرا
ایمان کی کہیں گے، ایمان ہے ہمارا
احمد رسول ﷺ تیرا، مصحف کلام تیرا
ہے تو ہی دینے والا پستی سے دے بلندی
اسفل مقام میرا، اعلیٰ مقام تیرا
محروم کیوں رہوں میں، جی بھر کے کیوں نہ لوں میں
دیتا ہے رزق سب کو، ہے فیض عام تیرا
یہ داغ بھی نہ ہوگا تیرے سوا کسی کا
کونین میں ہے جو کچھ، وہ ہے تمام تیرا

داغ دہلوی

دل میں کسی اور کو بسایا نہ جائے گا

دل میں کسی کو اور بسایا نہ جائے گا
ذکرِ رسولِ پاک بُھلایا نہ جائے گا
وہ خود ہی جان لیں گے، جتایا نہ جائے گا
ہم سے تو اپنا حال سُنایا نہ جائے گا
ہم کو جزا ملے گی محمد (ﷺ) سے عشق کی
دوزخ کے آس پاس بھی لایا نہ جائے گا
کہتے تھے، بلالؓ تشدد سے کفر کے
عشقِ نبی کو دل سے نکالا نہ جائے گا
بے شک حضور شافعِ محشر ہیں منکرو!
کیا اُن کے سامنے تمہیں لایا نہ جائے گا؟
مانے گا اُن کی بات خدا حشر میں نصیر
بِن مصطفٰی ﷺ خدا کو منایا نہ جائے گا

شاعر: پیر نصیر الدین نصیر گولڑوی

اہم گذارش

تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کیلئے اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ عملیات، مجرب تعویذات و نقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ اپنا تجربہ دوسروں تک پہنچائیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کریں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔

خط و کتابت کا پتہ: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور رابطہ: 0322-4773786

اہم اعلان

☆ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ دسمبر 2022 سے اپریل 2024 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 1340 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1910 روپے اور بذریعہ TCS بھی کی جاتی ہے۔ جس کی تفصیل صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں۔
☆ دسمبر 2022 سے اپریل 2023 تک واٹس ایپ ممبر شپ 1000 روپے ہوگی۔
☆ جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر یا واٹس ایپ ممبر شپ کی فیس جمع کروائیں۔

رابطہ: 0322-4773786

دارالعمل چشتیہ کے 16ویں اجتماع کی مختصر کارگزاری

حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ و علاج گاہ)

دارالعمل چشتیہ کا 16واں سالانہ روحانی اجتماع حسب سابق 5صفر المظفر بعد نماز عصر منعقد ہوکر 8 صفرالمظفر بعد نماز عصر اختتام پذیر ہوا۔ آج سے 26 سال پہلے 1996ء میں جب دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان کا آغاز ہوا تھا تو اس وقت بانی دارالعمل چشتیہ پیر طریقت استاد العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی یہ نیت سوچ اور فکر تھی کہ دارالعمل چشتیہ کا فیض پوری دنیا میں پہنچے۔ اللہ پاک نے حضرت کی اس سوچ اور نیت کو شرف قبولیت بخشا۔ آج اس وقت پوری دنیا میں دارالعمل چشتیہ کے فیض یافتہ روحانی معالجین دنیا بھر کے روحانی مسائل میں جکڑے افراد کی روحانی خدمت کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ اسی طریقے سے دنیا بھر کے روحانی مریض دارالعمل چشتیہ پاکستان کی روحانی علاج گاہ سے مستفید ہو رہے ہیں۔ دارالعمل چشتیہ میں قائم ایک درجن کے قریب روحانی شعبہ جات صبح وشام روحانی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔ دارالعمل چشتیہ کا ترجمان ماہنامہ خزینہ روحانیات بھی تمام شعبہ جات کی ترجمانی اور روحانی علوم سیکھنے والے دنیا بھر میں موجود روحانی طلباء وطالبات کی روحانی رہنمائی، روحانی تربیت اور روحانی معلومات میں اضافے کیلئے بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ روحانی علوم سیکھنے والے احباب چونکہ اپنے اپنے مقام پر رہ کر تمام اعمال کی چلہ کشی، ریاضت وغیرہ کرتے ہیں اور پورا سال بذریعہ خط وکتابت، ماہنامہ خزینہ روحانیات، بذریعہ موبائل، واٹس ایپ، بذریعہ ایمو اور بذریعہ دیگر انٹرنیٹ ذرائع سب کی رہنمائی اور سب کو روحانی تربیت دی جاتی تھی۔ اس ساری صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت ڈاکٹر صاحب نے آج سے 16 سال پہلے سوچا کہ کوئی ایسا حل اور طریقہ ہونا چاہیے کہ جس میں روحانی طلباء سامنے موجود ہوں اور ان کی روحانی کمی کو بھی پورا کروایا جائے۔ اور روحانی علاج معالجے میں ان کو باقاعدہ تربیت دی جائے۔ ان کے سوالات کے جوابات اور ان کو تمام روحانی معاملات پر بھرپور لیکچر دیے جائیں۔ تاکہ وہ ایک بہتر سے بہترین انداز میں روحانی خدمات سرانجام دے سکیں۔ ان تمام امور کو مدنظر رکھتے ہوئے باقاعدہ سالانہ اجتماع کا آغاز کیا گیا۔ اس بار الحمدللہ ۱۴۴۴ھ بمطابق 2022ء دارالعمل چشتیہ کا یہ سالانہ 16واں اجتماع تھا۔ اللہ پاک قبول فرمائے۔ اس بار اجتماع کے ایام بڑے عجیب وغریب حالات میں آئے۔ گزشتہ کئی سالوں سے لوگ کرونا کے امتحان میں تھے۔ مہنگائی، بے روزگاری، سخت معاشی اور معاشرتی حالات سے لوگ پریشان تھے کہ اچانک اللہ پاک کی طرف سے ایک اور بڑا امتحان بارشوں اور سیلاب کی شکل میں آگیا۔ جس کی وجہ سے ہمارے پیارے ملک پاکستان کا 80فیصد علاقہ امتحان میں ہے۔ اللہ پاک آسانی کا معاملہ فرمائے۔ بہت تباہی ہوئی، بہت نقصان ہوا، بہت سارے لوگ اللہ کو پیارے ہو گئے، کئی اضلاع، کئی تحصیلیں اور پورے پورے علاقے صفحہ ہستی سے مٹ گئے۔ مکانات گر گئے، عمارتیں منہدم ہو گئیں، بچے، بوڑھے اور پالتو جانور پانی میں بہہ گئے۔ ہر طرف افراتفری کا عالم تھا۔ دارالعمل چشتیہ سمیت پوری دنیا میں موجود رفاہی ادارے اللہ پاک کے فضل وکرم سے ان آفت زدہ پریشان حال بھائیوں کی مالی جانی خدمت میں مصروف ہیں۔ دارالعمل چشتیہ کی طرف سے باقاعدہ احباب سے کہا گیا کہ اس بار اجتماع میں آنے کے بجائے اپنے اپنے علاقوں اور آفت زدہ علاقوں میں جا کر لوگوں کی خدمت کی جائے۔ جو ٹرسٹ، تنظیمیں، ادارے رفاہی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کا ساتھ دیا جائے۔ ہاں جن علاقوں میں سکون ہے یا جو لوگ ایک عرصے سے اجتماع میں آنے کے منتظر ہیں وہ تشریف لا سکتے ہیں۔ اجتماع ملتوی نہیں ہوگا، البتہ بہتر یہی ہے کہ اگر آپ اعمال کی ریاضت کیلئے سرکاری یا غیر سرکاری اداروں اور دفتروں سے چھٹی لیے ہوئے ہیں تو پھر اپنے قریبی مدارس، قریبی مساجد میں اس طرح کا اہتمام وانتظام کرلیں۔ تو اس طریقے سے ملک بھر میں کئی مساجد میں، مدارس میں، بچیوں کے مدارس میں،

(بقیہ: ص 53)

خشوع اور خضوع کی حقیقت

شیخ الطریقت حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حفظہ اللہ

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک روز جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجمع میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص آیا جس کو کوئی پہچانتا نہ تھا۔ اس کے کپڑے نہایت سفید اور صاف شفاف تھے۔ وہ آکر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے گھٹنے سے گھٹنے ملا کر بیٹھ گیا۔ صحابہؓ کو تعجب ہوا کیونکہ اگر وہ باہر سے آیا ہوتا تو کپڑے اس کے میلے ہوتے، گرد وغبار سے اس کے بال بکھرے ہوتے، کپڑوں میں میل کچیل ہوتا۔ اس نے پوچھا حضور! ایمان کس کو کہتے ہیں؟ آپ نے ایمان کی تعریف بتائی: ''اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَ مَلَائِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَ شَرِّهٖ'' (ایمان یہ ہے کہ تصدیق کرے اللہ کی، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کی اور قیامت کے دن کی اور اچھی بری تقدیر کی)۔

اس کے بعد اس نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اسلام کس چیز کا نام ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کر، زکوٰۃ ادا کر، رمضان کے روزے رکھ اور اگر استطاعت ہو تو بیت اللہ کا حج کر۔

اس کے بعد اس نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم احسان کس چیز کا نام ہے؟ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ (تو خدا کی عبادت اس طرح کر اور خشوع وخضوع اس طرح انجام دے کہ گویا تم اللہ کو دیکھ رہے ہو)

غلام اپنے آقا کو دیکھتا ہے تو اس کی اطاعت وفرمانبرداری میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتا اور جب کوئی کام کرتا ہے اور آقا سامنے نہیں ہوتا ہے تو کام بے توجہی سے کرتا ہے۔ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر عبادت میں تم اس طرح تصور کرو اور اس طرح خشوع وخضوع کا لحاظ کرو جیسا کہ تم اپنے آقا و مالک کے دیکھنے کی حالت میں کرتے ہو۔ یہ احسان ہے۔ اگر تم یہ تصور نہیں کر سکتے تو فرمایا: ''فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ'' یعنی اللہ تو ہر حال میں تم کو دیکھ ہی رہا ہے، کسی بھی وقت تم اللہ کی نظر سے اوجھل نہیں ہو سکتے، بہر حال یہ احسان کا بڑا اعلیٰ درجہ ہے۔

قرآن مجید میں بہت سی جگہوں پر احسان کا ذکر کیا گیا ہے۔ قرآن میں فرمایا گیا ہے ''اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ'' (اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں سے بہت قریب ہے)

''اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ'' (اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو کہ پرہیز کرتے ہیں اور احسان کو عمل میں لاتے ہیں)۔

''لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى'' (جن لوگوں نے احسان کیا اللہ تعالیٰ ان کو بھلا بدلہ دے گا)۔ اس طرح اور بہت سی آیتوں میں احسان کے سلسلے میں بڑے بڑے وعدے آئے ہیں۔ اسی کو تیسرے سوال میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دریافت فرمایا۔ اسی احسان کو حاصل کرنا تصوف کا مدار ہے۔

آقائے نامدار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں یہ احسان آپ ﷺ کی مجلس میں ایمان کے ساتھ حاضر ہونے سے حاصل ہو جاتا تھا۔ حضور ﷺ کی روحانی طاقت اس قدر قوی تھی کہ جو شخص آپ ﷺ کے سامنے اخلاص کے ساتھ اور اسلام کے ساتھ حاضر ہوا، اس کے قلب کے اوپر ایسا اثر پڑتا تھا کہ اللہ کے سوا ہر چیز کو بھول جاتا تھا اور خلوص دل کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہو جاتا تھا۔

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کئی روز جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ اپنے لوگوں کو خاص طور پر یاد رکھتے تھے۔ ایک وقت نہ آئے، دو وقت نہ آئے تو آپ نے دریافت فرمایا: ''مَا فَعَلَ حَنْظَلَةُ'' حنظلہ کا کیا حال ہے؟ لوگوں کو کچھ نہیں معلوم تھا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے

فرمایا: میں ابھی خبر لاتا ہوں۔ ان کے گھر گئے پوچھا حنظلہ کا کیا حال ہے؟ ان کی بیوی نے جواب دیا کوٹھری میں سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ اجازت لے کر گھر میں اندر گئے دیکھا کہ سر جھکائے رو رہے ہیں۔ ان سے حال پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کا حنظلہ تو منافق ہوگیا۔ کہا کیسے؟ کیا بات ہے؟ جواب دیا کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں، آخرت کا، جنت کا، دوزخ کا، قیامت کا ذکر سنتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری آنکھوں کے سامنے جنت، دوزخ اور آخرت کی چیزیں موجود ہیں۔ ہمارا دل اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہے۔ وہاں سے گھر آئے اور بیوی بچوں سے میل جول ہوا تو وہ حالت جاتی رہتی ہے۔ یہی تو نفاق ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ حالت تو میری بھی ہے، وہ بھی رونے لگے۔ تھوڑی دیر بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارے لیے تمام باتوں کا حل کرنے والے ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، چلو وہاں اپنی حالت عرض کریں گے۔ دونوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی حالت عرض کی۔ آقائے نامدار علیہ السلام فرماتے ہیں تم جیسے میری حضوری اور میری مجلس میں ہوتے ہو، اگر ہر وقت اسی حالت میں رہو تو تمہارے بستروں پر فرشتے آکر تم سے مصافحہ کیا کریں جیسے سورج کے سامنے کوئی چیز آئے گی تو چمکدار اور روشن ہو جائے گی۔ حضور ﷺ کی مجلس میں جو بھی سچائی کے ساتھ آنے والے تھے، ان کے دلوں کا میل کچیل، غفلت، دنیا پرستی، نفس پرستی جاتی رہی تھی اور جہاں مجلس سے علیحدہ ہوئے اس میں کمی ہو جاتی تھی مگر آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''وَيَتْلُو عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ''، حضور صلی اللہ علیہ وسلم چار بڑے بڑے کام انجام دیتے تھے۔ اس بات کو قرآن شریف میں کئی جگہ ذکر کیا گیا ہے۔ ایک یہ کہ قرآن کی آیتیں سناتے ہیں، دوسرے اللہ کی کتاب کو سکھاتے ہیں، تیسری حکمت کی باتیں بتلاتے ہیں کہ کس حکم میں کیا نتیجے پیدا ہوں گے اور چوتھا کام یہ تھا کہ تزکیہ فرماتے تھے، پاک وصاف کرتے تھے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی وقلبی طاقت کا ان لوگوں کے دلوں پر ایسا اثر پڑتا تھا کہ دلوں سے غیر اللہ کی محبت اور ہر قسم کی برائی جاتی رہتی ہے، کسی کو کم کسی کو زیادہ مگر اثر ضرور ہوتا تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''مَا نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا عَنِ التُّرَابِ بِاللّٰهِ وَ قَدْ اَنْكَرْ نَا قُلُوْبَنَا''، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دفن کرنے کے بعد ہم نے ابھی مٹی اپنے ہاتھوں سے جھاڑی بھی نہیں تھی کہ ہم نے اپنے دلوں کو اترا ہوا دیکھا۔ اسی وجہ سے تمام اہل سنت و الجماعت کا متفقہ مسئلہ ہے کہ صحابی چاہے آپ ﷺ کی خدمت میں چند منٹ ہی رہا ہو وہ بڑے ولی و متقی سے افضل و اعلیٰ ہے۔

چونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی طاقت بجلی سے بھی زیادہ قوت رکھنے والی تھی، دل و دماغ کو روشن کرنے والی تھی، اس واسطے اس وقت بڑی بڑی ریاضتوں کی ضرورت نہیں پڑتی تھی۔ صرف اس بات کی ضرورت تھی کہ آقائے نامدار کی مجلس میں اخلاص کے ساتھ حاضر ہو جایا کریں۔ مگر جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کے بعد وہ طاقت باقی نہ رہی۔ اسی طرح جتنا زمانہ دور ہوتا گیا، اسی قدر روحانی اور قلبی روشنی کے اندر کمی ہوتی گئی تو جس طرح سے برتن کے صاف کرنے اور مانجھنے میں اگر اس کے اوپر میل کچیل اور زنگ کچھ کم ہو تو معمولی طور پر مانجھنے سے وہ زنگ دور ہو جاتا ہے اور زیادہ ہو تو ریتے یا مختلف طریقوں سے مانجھا جاتا ہے۔ تو وہی احسان حاصل کرنا مقصد ہے۔ جس چیز کو حضرت جبرئیلؑ کی حدیث میں ذکر کیا گیا، وہی مقصد ہے۔ مگر زمانہ دور ہونے اور دنیاوی لگاؤ کی طرف طبیعتوں کے مائل ہونے کی وجہ سے مانجھنے کی زیادہ ضرورت پڑتی ہے۔

جو حضرات تصوف میں بڑے تجربہ کار تھے، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت سری سقطی رضی اللہ عنہ یہ حضرات تصوف کے امام ہیں۔ ان لوگوں نے اپنے تجربہ سے ذکر کرنے، ریاضت کرنے اور مجاہدے کرنے میں جو چیزیں بتلائیں، اس کو بعض لوگ اعتراض کی نظر سے

دیکھتے ہیں۔ اعتراض یہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تو اس طرح کے اذکار و اوراد اور مراقبے تعلیم نہیں کیے جاتے تھے، کسی حدیث میں ان کا تذکرہ نہیں ہے۔ لہٰذا یہ بدعت ہے اور غلط ہے۔ تو غور کرنے کی بات ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جہاد کے لئے تلواروں اور تیر کمان کا تذکرہ ملتا ہے۔ اس زمانہ میں توپوں، بندوقوں، مشین گنوں، جہازوں، ٹرینوں، منجنیقوں اور ایٹم بم کا کوئی تذکرہ نہیں تھا۔ آج اگر شرعی جہاد کی نوبت آئے تو مقابلہ تلوار اور تیر کمان سے نہیں ہوگا۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ”وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ“ جو تم سے ہو سکے دشمنوں کے مقابلہ کے واسطے تیاری کرو۔ آگے ارشاد ہے: ”تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَ عَدُوَّكُمْ“ جس قسم کی ضرورت پڑے، تیاری کرو مگر مقصود اصلی تو اعلاء کلمۃ اللہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں قرآن شریف پر زیر و زبر نہیں تھے۔ آپ ﷺ نے علیحدہ علیحدہ لکھوایا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سب کو جمع کر دیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے سب کو ترتیب دے دی۔ مگر ترتیب دیتے وقت زیر و زبر نہیں رکھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زبان عربی تھی۔ بغیر زیر و زبر کے صحیح قرآن پاک پڑھتے تھے جیسے آج ہم اردو کی عبارت بغیر زیر و زبر کے صحیح پڑھ لیتے ہیں۔ مگر تھوڑے ہی زمانہ بعد جب لوگوں کا میل جول باہر والوں سے ہوا تو زیر و زبر لگانے کی ضرورت سمجھی گئی۔ اب کوئی یوں کہے کہ زیر و زبر اور پیش نقطے لگانا تو بدعت ہے تو اس کو کیا کہا جائے؟

زمانہ کے بدلنے سے احوال بدلتے رہتے ہیں مگر ایسے احوال جو مقصود بدلنے والے نہ ہوں، قرآن میں کئی جگہ ذکر کی بڑی تاکید کی گئی ہے۔

”فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ“، حکم دیا گیا نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو، کھڑے کھڑے، بیٹھے بیٹھے اور کروٹوں پر۔ کوئی حد نہیں، کوئی قید نہیں لگائی۔ ذکر کرو لفظ ”اللہ“ کا یا ”لا الہ الا اللہ“ کا یا ”سبحان اللہ“ کا ضرب کے ساتھ یا بلا ضرب۔

قرآن شریف میں فرمایا گیا ”يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا“ اے ایمان والو! اللہ کا خوب ذکر کرو۔ کوئی قید نہیں لگائی کہ ذکر کس طرح سے کرنا ہے؟ مطلقاً ذکر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اب اگر ہمارے بڑوں نے تجربہ کار لوگوں نے کہا کہ ذکر کرو روح کا، سر کا، خفی کا تو یہ کوئی نئی بدعت نہ ہوگی۔

ایسے ہی حج کا حکم دیا گیا ہے۔ پہلے زمانہ میں اونٹوں پر حج کو جاتے تھے۔ آج جہازوں، موٹروں، اور بسوں سے سفر کرنا پڑتا ہے۔ مقصد بیت اللہ کی حاضری ہے۔ چاہے جس طرح جائیں۔ زمانہ کی ضرورتوں کی حیثیتوں سے تھوڑا وسیلوں میں فرق پڑتا گیا، لیکن مقصد میں فرق نہیں ہے۔ تو خلاصۂ کلام یہ ہے کہ بیعت کے متعلق یہ خیال کرنا کہ یہ ”شریعت کے خلاف ہے“ بالکل غلط ہے۔

بقیہ (ص 18): فضیلت و خواص سورۂ کہف

کا باندھنے والا ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور ہر قسم کے دشمن سے اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور دشمن اس کی غیبت، چغلی اور بدگوئی نہ کر سکے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ دشمن کے ہر حملہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ کہف کے کل اعداد ۵۰۵۵۱۷ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۹
۱۲۶۳۸۳	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۸۴
۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۷۳
۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۱

روحانیات وتصوف

از قلم: قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

دانشمند بیوی

ایک شخص اپنی بیوی سے بڑا تنگ تھا اور اسے ہر حالت میں طلاق دینا چاہتا تھا۔ ایک دن اس نے دیکھا کہ اس کی بیوی سیڑھیاں چڑھ رہی ہے۔ اس نے بیوی کو مخاطب کیا اور کہنے لگا: ''سنو! اگر تو اوپر چڑھی تو تجھے تین طلاق، نیچے اتری تو بھی تین طلاق اور اپنی جگہ کھڑی رہی پھر بھی طلاق۔''

اس عورت نے اپنے خاوند کی طرف دیکھا، لمحہ بھر کیلئے رکی، ذرا سوچا اور پھر اُس کے خاوند نے دیکھا کہ اس نے سیڑھی سے چھلانگ لگا دی۔ خاوند کی مسرتوں پر پانی پھر گیا۔

اپنی بیوی سے مخاطب ہوا: ''میرے ماں باپ تجھ پر قربان! تم کتنی بڑی فقیہہ ہو۔ اگر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ وفات پا جائیں تو ممکن ہے اہل مدینہ فتویٰ کیلئے تیرے ہی پاس آئیں۔''

وفادار اور خیر خواہ بیویاں

ایک روز بنو اُمیّہ کے خلیفہ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کو اُن کی بیوی فاطمہ نے روتے دیکھا۔ پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ ''میں مسلمانوں کا حکمران ہوں۔ رعایا بھوک، بیماری اور مفلسی میں مبتلا ہے۔ مجھے خوف ہے کہ خدا کو کیا جواب دوں گا؟ میں نے شاہی اصطبلوں کے گھوڑے نیلام کر کے بیت المال میں روپے جمع کرائے ہیں۔ لہٰذا تجھے کہتا ہوں کہ تجھے والدین نے جو قیمتی جہیز کے زیورات دیے ہیں، وہ غریبوں کی فلاح کیلئے بیت المال میں جمع کراؤ۔''

فرمانبردار اور رحم دل بیوی نے یہ تقاضہ رضامندی و خوشی سے قبول کر کے اپنا جہیز بیت المال میں جمع کرا دیا۔ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد فاطمہ کا بھائی عبدالمالک تخت نشین ہوا تو اپنی بہن کو ان کے بیت المال میں جمع کردہ زیورات واپس دینے کی پیشکش کی، جو اس نیک بیوی نے مسترد کی، یہ کہتے ہوئے کہ ان زیورات کی پرواہ میں نے اپنے شوہر کی زندگی میں نہیں کی تو ان کی وفات کے بعد کیا کروں گی۔

کہا جاتا ہے کہ بی بی رابعہ بصری رحمہا اللہ اپنے شوہر کی خدمت اور آرام کیلئے ہر وقت حاضر رہتی تھیں۔ ان کی ایسی خدمت مشہور تھی۔

بیس سال بعد شفا مل گئی

حافظ بن عباسی دوری رحمہ اللہ کہتے ہیں: ''میرے پڑوسی علی بن حزارہ رحمہ اللہ نے اپنی والدہ کا ایک قصہ مجھے بیان کیا۔ اُن ہی کی زبانی ملاحظہ کیجئے۔'' ''علی بن حزارہ رحمہ اللہ کہتے ہیں'' میری والدہ کے پیروں میں فالج ہو گیا جس کی وجہ سے وہ معذور ہو گئیں۔ اس حال میں تقریباً بیس (20) سال گزر گئے۔ ایک دن وہ مجھ سے کہنے لگیں ''اگر تم امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو اور ان سے جا کر درخواست کرو کہ میرے حق میں دعا کر دیں تو امید ہے کہ میری یہ معذوری دور ہو جائے گی۔'' وہ کہتے ہیں کہ والدہ کا دل رکھنے کیلئے میں چل پڑا۔ دریا پار کر کے دوسرے کنارے پہنچا اور پھر حضرت کے گھر پر آیا اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ اندر سے آواز آئی ''کون؟'' میں نے کہا ''ابو عبداللہ۔ آپ کا ایک دینی بھائی ہے جو بڑی دور سے آیا ہے۔'' انہوں نے مجھے اندر بلایا اور پوچھا ''کیا ہوا، خیریت تو ہے؟'' میں نے کہا ''میری والدہ پاؤں سے معذور ہیں۔ انہوں نے مجھے دعاؤں کی درخواست کیلئے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ آپ ان کے حق میں دُعا فرما دیں'' امام احمد جنبل رحمۃ اللہ علیہ کہنے لگے ''ہمارے لئے کون دعا کرے گا؟'' مسلسل وہ یہ بات دہراتے رہے۔ مجھے پھر اصرار کرتے ہوئے شرم آئی۔ انہیں سلام کر کے جانے لگا تو ایک بوڑھی خاتون ان کے گھر سے باہر آئیں اور کہنے لگیں ''میں نے ان کے ہونٹوں کو جنبش کرتے ہوئے دیکھا ہے، لگتا ہے کہ وہ آپ ہی کیلئے کوئی دعا فرما رہے تھے۔'' بہر حال میں چلا آیا اور گھر پہنچنے پر دروازہ کھٹکھٹایا تو حیرت کی انتہا نہ رہی کہ میری والدہ چل کر آئیں اور دروازہ کھولا۔ میں نے کہا: ''یہ کیسے ہو گیا؟'' کہنے لگیں ''مجھے خود نہیں معلوم۔ مگر بس اچانک میں کھڑی ہو گئی۔'' یہ میری زندگی کا ایک ایسا مشاہدہ اور کرامت تھی۔ جسے میں کبھی فراموش نہیں کر سکتا۔ میں نے حق تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اُس نے بیس (20) سال بعد اہل اللہ کی طرف سفر کرنے اور اُن کی دعاؤں کی برکت سے میری والدہ کو شفاء عطا فرمائی۔''

بوستان طلسمات

صفحات 221 | قیمت 1500 روپے | فوٹو سٹیٹ

مصنف: محمد رفیق زاہد

طلسمات کے اصول و نکات اور اسرار و رموز پر ایک بہترین عدیم النظیر، لاجواب و بے مثال، شہرہ آفاق تصنیف

● حاضرات و روحانیات کی حقیقت ● طلسماتی آئینہ کے عجائبات و کمالات ● دفائن و خزائن کا مشاہدہ ● مردہ انسانوں سے ملاقات ● تسخیر ارواح کا طلسماتی آئینہ ● جام جمشید یا آئینہ سکندری کا راز ● تبادلہ روح کا حیرت انگیز عمل ● عامل کا اپنی روح کو معمول پرواز کرنا ● تسخیر عناصر و حیوانات ● حب کا طلسماتی سرمہ ● کا جل تسخیر محبوب ● کا جل تسخیر دل ● عداوت کا طلسماتی علم ● روحانیات و جنات کا مشاہدہ ● سلیمانی کا جل عمل عجیب ● عمل نظارہ جنات ● دلوں کا بھید جاننا ● مرض صرع کا حیرت انگیز علاج ● امراض حلق کا طلسماتی علاج ● سلب روح کا طریقہ ● نظر بندی کا دخنہ ● عورت کی شہوت بند کرنا ● مرد کی شہوت باندھنے کا عمل ● جنات کی فرضی حاضری بلانا ● نظروں سے غائب ہوجانا ● چشم شب چراغ بنانا ● آگ کے دریا میں کود جانا ● طلسم حب ● عمل حصول زر و مال ● زن مرید ● تسخیر ہمزاد ● طلسم عداوت برائے خواتین

0332-4487877, 042-35410586 | مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ | +maktabatulaarif

آئینہ ہپناٹزم

شائقین ہپناٹزم کے لئے ایک معلم کتاب

صفحات 201 | قیمت 400 روپے

مصنف: باوا صاحب دیال

● ہپناٹزم اور مسمریزم کی تاریخ ● مسمریزم اور ہپناٹزم میں فرق ● قدرتی اور مصنوعی نیند ● قوت خیال سے ہپناٹائز کرنا ● ہپناٹزم اور موت ● سوتے ہوئے شخص کو ہپناٹائز کرنا ● حالت بیداری کے تجربے ● سامنے یا آگے کی طرف جھکانا ● ٹانگوں کو جکڑ دینے کی ترکیب ● تصور ● عامل و معمول کیسے ہونا چاہئے؟ ● مصنوعی نیند یا ہپناٹزم سے بیدار کرنے کی ترکیب ● ایک سے زیادہ آدمیوں کو بے ہوش کرنے ترکیب ● خود اپنی ذات کو سلانے کی ترکیب ● بیہوشی یا نیند طاری کرنے کے دیگر طریقے ● تجاویز مابعد خواب مصنوعی ● نیند کے مختلف مدارج ● گہری مصنوعی نیند طاری کرنے مزید طریقے ● فاصلہ سے معمولوں کو بے ہوش کرنے کی ترکیب ● ٹیلی فون کے ذریعے سے سلانا ● نظر بندی ● قوت ارادہ کی ترقی کیلئے تجویزیں ● ہپناٹزم اور مسمریزم میں کیا فرق ہے؟ ● معمول کی آنکھیں بند کر دینا ● میڈیم سے بات چیت بھیروں کا عمل ● معمول کی آنکھیں بند کر دینا ● نقلی مسمریزم و نقلی ہپناٹزم ● ایک اور پوشیدہ راز

0332-4487877, 042-35410586 | مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ | +maktabatulaarif

آئینہ مسمریزم

علم مسمریزم، تھاٹ ریڈنگ اور ارواح سے بات چیت کی راہنما کتاب

صفحات 193 | قیمت 400 روپے

مصنف: باوا صاحب دیال

● مسمریزم کی مختصر تاریخ ● میڈیم سے بات چیت ● یکسوئی قلب ● روحانی طاقت ● طلسمی فقرات کرسٹل ● گوشہ نشینی کا عمل ● نظر کی پختگی اور آنکھوں میں مقناطیسی قوت پیدا کرنا ● آنکھوں کو آرام دینے والا تجربہ ● قوت خیالی کا شعبدہ ● چاند کی مشق ● رائی کے دانے کا عمل ● درخت کے پتوں والا عمل ● چرندے اور پرندوں کا قابو میں کرنا ● بذریعہ آئینہ دوسروں کو بس میں کرنے کا طریقہ ● بذریعہ روشن ضمیری تمام مشقوں میں کامیابی حاصل کرنا ● بے فائدہ حرکات اور فحش خیالات سے بچنے کا طریقہ ● عملیات تصور ● گھڑے والا عمل ● گلاب کے پھول والا عمل ● تصور کا جادو ● صبح کے وقت بیدار ہونے کے بعد ● آنکھ کا جادو ● نظر جما کر دیکھنا ● کپڑے میں مقناطیسی قوت ● ناپاک جذبات سے پرہیز ● سیاہ داغ سفید کرنا ● قوت مقناطیس سے چراغ بجھنا ● اندھیرے میں کتاب پڑھنا ● دن کو تارا نظر آئے ● قوت مقناطیس بڑھانے کی ترکیب ● ہاتھ کا جادو ● دفع امراض کیلئے ● فلالین کے کپڑے کو موثر کرنا

0332-4487877, 042-35410586 | مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ | +maktabatulaarif

بیاض عملیات

صفحات 142 | قیمت 400 روپے

مصنف: علامہ سید شاد گیلانی

● اسم اعظم شریف کا مجموعہ ● رجوع خلق ● حاجت روا ● کشف کیلئے ● وسعت رزق ● اپنی روح کو حاضر کرنا ● عمل ذات اللہ ● کشف قبور ● دعوت ● عجیب دعوت اسمائے خمسہ ● چھپنے کا عمل ● تسخیر خلق کا لاجواب عمل ● سر عجیب ● احضار کا لاجواب طریقہ ● جفر الجامع سے حل شدہ عمل ● دعائے کفایت ● سلب درد ● مقبولیت دعا کیلئے خاص عمل ● عمل انکشاف حقیقت ● مرض روحانی ہے یا جسمانی ● لاجواب عمل حاضرات ● لاجواب حصار ● عمل استخارہ ● عمل موافق ہے یا نہ؟ ● عمل موکل ● قلمی بیاض کا استخارہ ● تھاٹ ریڈنگ کا یقینی عمل ● باولے کتے کاٹے کا حیرت انگیز عمل ● قید سے خلاصی ● استخارہ اسرار غیب ● لاعلاج مریض کا یک روزہ علاج ● روحانی وائرلیس ● روحانی چٹکلہ ● انمول ہیرا ● حاضرات کی سیاہی ● نقش عمل تنویم ● عجیب و غریب ڈبی ● عمل سلب مرض ● عمل اٹھرا ● عمل مارگزیدہ ● دافع ام الصبیان ● بچھو کاٹے کا مجرب عمل ● حاضرات کا انک عمل ● یہ عمل جن نے بتایا ہے

0332-4487877, 042-35410586 | مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ | +maktabatulaarif

مکتبہ العارف سے عملیات/تعویذات/وظائف اور دیگر روحانی علوم پر کتب و رسائل آن لائن خرید یں https://bit.ly/3reutxX

خاص خاص نمازیں

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ

عمل نماز ہلاکی دشمن

دشمن کی ہلاکت کے واسطے شب چہارشنبہ کو غسل کرے اور اجلے کپڑے پہنے، اگر یا لوبان روشن کرے اور تنہائی میں دو(2) رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ الم تر کیف انتالیس(39) مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد تبت یدا انتالیس (39) مرتبہ۔ سلام کے بعد سورہ الحاقہ پڑھے۔ جب اس مقام پر پہنچے خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ۝ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ۝ تو دشمن کی صورت کو خیال میں لاوے۔ جب پورے اکتالیس (41) بار پڑھ چکے تو سجدہ میں جاوے اور چند مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ وَ فَرِّقْ جَمْعَهٗ وَ اَدِرْ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ وَ دَمِّرْهُ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت برآوے گی اور اہل اعمال نے بھی بہت تنقید کی ہے کہ یہ اسرار پوشیدہ بغیر سخت ضرورت کے عمل میں نہ لاوے ورنہ خود ہلاکت میں پڑ جاوے گا۔

عمل نماز استسقاء

عامل کو چاہیے کہ اگر بارش کے موسم میں بالکل بارش نہ ہو اور مخلوقِ خدا میں بے چینی پڑ جاوے تو اس وقت اگر مسلمان رئیس ہو تو اس کے ساتھ ورنہ سب مسلمانوں کے ساتھ عید گاہ میں تین (3) روز برابر پاپیادہ جاوے اور کپڑے پرانے مستعمل پہنے، عید کی طرح زینت اور تجمل نہ کرے۔ عجز و انکساری اور شرمندگی کے ساتھ عید گاہ میں پہنچ کر دو(2) رکعت نماز جماعت کے ساتھ جہر سے پڑھے۔ اس کے بعد خطبہ اور دعا، گناہوں کے استغفار کی جو حدیث میں آئی ہے، پڑھے۔ وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا، مَرِيْئًا مَرِيْعًا، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ، عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ۔ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ۔ اور امام اپنی چادر اوپر کی نیچے اور نیچے کی اوپر اور داہنی طرف کی بائیں طرف اور بائیں طرف کی داہنی طرف کر کے اور بہت عجز و زاری سے دعا کرے۔

عمل نماز سورج گہن

عامل کو چاہیے کہ جب سورج گہن ہو، امامِ جمعہ اور لوگوں کے ساتھ دو(2) رکعت نماز نفل مانند اور نمازوں کے پڑھے۔ جتنی بڑی قرأت پڑھے، بہتر ہے۔ بعد نماز کے دعا و استغفار میں مشغول رہے، جب تک آفتاب روشن نہ ہو جاوے۔

عمل چاند گہن

عامل کو چاہیے کہ اگر چاند گہن ہو تو دو(2) رکعت نفل بغیر جماعت کے پڑھے کیونکہ اس میں جماعت نہیں ہے اور بعد نماز کے دعا اور استغفار میں چاند روشن ہونے تک مشغول رہے۔

عمل نماز عاشورہ

عامل کو چاہیے کہ عاشورہ کے روز یعنی دسویں محرم الحرام کو جب سورج بلند ہو جاوے تو دو(2) رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیتیں جو پارہ قد سمع اللہ میں ہے، پڑھے۔ بعد سلام کے درود جس قدر زیادہ پڑھے، بہتر ہے۔ اور مشائخ کی بعض کتابوں میں چھ(6) رکعتیں ہیں۔ اول میں والشمس اور دوسری میں انا انزلناہ اور تیسری میں اذا زلزلت اور چوتھی میں قل ھو اللہ اور پانچویں میں قل اعوذ برب الفلق اور چھٹی میں قل اعوذ برب الناس۔ بعد سلام کے سجدہ کرے اور جو حاجت ہو اس کی دعا کرے اور چھ(6) رکعتیں تین(3) سلام سے پڑھے۔

جسمانی امراض کا روحانی علاج

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ (میلسی)

برائے سخت امراض

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر گلے میں باندھے یا بازو میں۔ اگر تمام وجود یا اعضاء میں کسی جگہ درد ہو تو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اکثر اس پانی کو پلائیں اور کسی قدر بچا کر روغن تلخ میں ڈال کر اس جگہ کو اس روغن سے چرب کریں۔ بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ مِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

برائے بخار

تین (3) تعویذ ایک دن میں پلائیں۔ چالیس (40) دن تک کرنا ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ تَرَثَّ. بِسْمِ اللّٰهِ قَلَّثَ. بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتَ.

گوہانجنی چشم کے لیے

جو آنکھ کی پلکوں اور کونوں میں ہوتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے۔ پھنسی سرخ اور درد خارش ہوتی ہے۔ بیری کے سبز سات (7) پتے لے کر ایک بانس کی تیلی سی تیلی (سلائی کی طرح کی) لیں اور ایک پتے پر بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس پتہ کو پھنسی سے مس کر کے تیلی میں پرو لیں۔ اسی طرح ساتوں پتوں پر ایک ایک (1،1) بار بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر کے پھنسی سے لگا کر ایک ایک (1،1) کر کے پرو لیں۔ پھر اس تیلی کو کسی اونچی جگہ دیوار وغیرہ میں گاڑ دیں۔ ان شاء اللہ، ایک آدھ روز میں پھنسی وغیرہ سے آرام ہو جائے گا۔

آیاتِ شفاء

ہر قسم کی بیماری کے لیے چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر پلائیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ. وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ. وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ. يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ.

تعویذ بجا شدن ناف

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر ناف پر باندھیں۔ ان شاء اللہ، فوراً آرام ہو گا۔

برائے انسداد نزلہ، دردِ سر، دردِ چشم و نزول الماء

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر چمڑہ میں بند کر کے عین ماتھے پر باندھے، اس طرح کہ ناک کے برابر رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا. اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا. ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ. الٰهی بحرمت یملیخا مکشلمینا شکزنوس و بر کوس و مرنوس کشطیطوس، قطمیر افسوس، لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ. فدا بر چہارم یارم ابوبکر و عمر و عثمان و حیدر۔

موذی امراض سے نجات

پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد علوی قادری (حویلی لکھا)

قارئین کرام! میری طرف سے السلام علیکم! میری خوش نصیبی ہے کہ آج میں پاکستان بھر کے روحانی ماہرین کی پُروقار تقریب میں شامل ہوں اور مجھے آپ سے مخاطب ہونے کا موقع ملا۔ مجھے اس بات پر بھی فخر ہے کہ میں پیر طریقت حضرت خواجہ پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی قادری کا صاحبزادہ اور جانشین ہوں۔ آج کی اس محفل میں ایک خاص عمل جو حضرت صاحب کی کتاب ''اعمال شفا'' سے ماخوذ ہے پیش کر رہا ہوں۔

موذی امراض سے نجات

اس کے ذریعے بیماریوں اور تکلیفوں سے نجات اور شفایابی حاصل کی جاتی ہے۔ اطباء نے اس کے علاج میں بڑی تحقیق کی ہے۔ یہ شیخ سوڈانی الحاج بن ابراہیم الحقی سے ہے۔ اس کے عمل کی کیفیت یہ ہے کہ یہ عجیب راز ہے۔ اس کا علاج کتب سے تخریج کیا گیا ہے۔ شیخ نے فرمایا ہے کہ یہ عمل سورۂ یٰسین، سورۂ دخان، سورۂ واقعہ، سورۂ حشر اور ام الکتاب وسورۂ اخلاص کے اعداد کو شامل ہے۔ پھر معوذتین اور سورۂ حدید کا اوائل اور آیت شفاء، عدد آیت سکینہ اور سورۂ جن کے اعداد شامل ہیں۔ اس لیے خاتم مخمس خالی عوارض کے دفع کرنے اور جن کے دفع کرنے کے لیے عظیم راز و حکمت ہے۔ اور جو بھی جسم میں علتیں ہیں۔ عرقِ گلاب اور زعفران سے لکھ کر مریض کو کچھ دن پلائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفا پائے گا۔ مخمس یہ ہے:

۷۸۶

۸۳۴۶۷۸	۳۸۵۲۳۶	۳۲۱۳۶	۳۲۱۰۳۰	۵۱۳۶۴۸
۹۶۳۵۲	۴۱۷۳۳۹	۶۰۹۹۵۷	۶۷۴۱۶۳	۲۸۸۹۲۷
۸۰۲۵۷۵	۴۴۹۴۴۲	اَللّٰهُمَّ اشْفِ فلاں بن فلاں	۳۵۳۱۷۶	۴۸۱۵۴۵
۲۲۴۷۲۱	۷۷۰۵۱۵	۷۳۸۳۶۹	۱۹۲۶۱۸	۱۶۰۵۱۵
۱۲۸۴۱۲	۶۴۲۰۶	۷۰۶۲۶۶	۵۴۵۷۵۱	۶۴۲۱۰۳

رفتار مخمس خالی البطن یہ ہے

۲۶	۱۲	۱	۱۰	۱۶
۳	۱۳	۱۹	۲۱	۹
۲۵	۱۴		۱۱	۱۵
۷	۲۴	۲۳	۶	۵
۴	۲	۲۲	۱۷	۲۰

مجرب وظائف وعملیات

صاحبزادہ پیر احمد رضا قادری سروری

میں سب سے عرض گزار ہوں کہ منازل سلوک، تعلیم وتربیت اور وظائف جو مجھے میرے مشائخ عظام سے عطا ہوئے فقیر ان کا ایک ادنیٰ طالب علم ہے۔ یہاں آپ کو بتاتا چلوں کہ ان اوراد و وظائف کی پابندی ترقی درجات اور قرب الٰہی کا ذریعہ ہے۔ لہٰذا وہ اعمال و وظائف جن پر آسانی سے روزانہ عمل ممکن ہو اتنے ہی وظائف کو منتخب کر کے پابندی کی جائے۔

مجھ فقیر کو جو اعمال و وظائف میرے بزرگوں سے مجھے ملے ہیں اور ان کو من وعن ویسے ہی مجرب پایا جیسے مجھے بتایا گیا۔ عملیات کی دنیا میں میرے استاد، میرے والد گرامی پیر طریقت صوفی فقیر محمد عبدالشکور قادری سروری مدظلہ العالی اور پیر طریقت الشاہ صوفی غلام سرور شباب علوی قادری قلندری جہانگیری مدظلہ العالی ہیں جن کی نظر کرم اور توجہ سے میں نے بہت کچھ سیکھا۔ جس میں سے کچھ مجرب اعمال آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

ایک ضروری گزارش

میں وظائف وعملیات شروع کرنے سے پہلے کچھ باتیں بتانا اور سمجھانا ضروری سمجھتا ہوں۔ عامل کو کبھی بھی تکبر نہیں کرنا چاہیے ورنہ اس کے عمل اس کو ہی لے ڈوبیں گے۔ عامل کوئی بھی کام کریں سب سے پہلے اپنا حصار کر لے اور اپنے استاد اور پیرومرشد کا تصور کر کے عمل شروع کریں، ان شاء اللہ عزوجل کامیابی ملے گی۔ سب سے پہلے درود شریف کے فیض و برکات کا ذکر کرتا ہوں جس سے مجھے خاص روحانی سکون ملتا ہے۔

درود شریف کا ایک بہت ہی خاص عمل آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جو بہت بار کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لیے اکسیر عمل

شیخ عفیف الدین اپنی کتاب ''کشف الاسرار'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے سیدنا حضرت ابومحمد محی الدین عبدالقادر جیلانی سے درخواست کی کہ آپ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو ہر آرزو اور ہر مقصد کے لیے مفید ہو۔ آپ نے فرمایا نماز مغرب کے بعد سنتیں پڑھ کر دو (2) رکعت نماز نفل ادا کرو، ہر رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ (11) مرتبہ قل ہواللہ پڑھو پھر سلام کے بعد ایک سو (100) مرتبہ یہ کلمات کہو: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

اس کے بعد حضور رسالت ماب صل اللہ علیہ وسلم پر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھو پھر گیارہ (11) مرتبہ یہ سلام پڑھا جائے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ۔

بہت ہی مجرب دم (ہر مرض کے لیے)

امام ابن عساکرؒ نے حضرت وہب ابن منبہؒ کی روایت بیان کی، انہوں نے کہا کہ حضرت عیسیٰؑ مریضوں، اپاہجوں، اندھوں، مجنوں اور دوسرے لوگوں کے لئے جو دعا کرتے وہ یہ تھی۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اِلٰهُ مَنْ فِى السَّمَاۤءِ وَاِلٰهُ مَنْ فِى الْاَرْضِ لَا اِلٰهَ فِيْهِمَا غَيْرُكَ وَاَنْتَ جَبَّارُ مَنْ فِى السَّمَاۤءِ وَجَبَّارُ مَنْ فِى الْاَرْضِ لَا جَبَّارَ فِيْهِمَا غَيْرُكَ وَاَنْتَ مَلِكُ مَنْ فِى السَّمَاۤءِ وَمَلِكُ مَنْ فِى الْاَرْضِ لَا مَلِكَ فِيْهِمَا غَيْرُكَ قُدْرَتُكَ فِى الْاَرْضِ كَقُدْرَتِكَ فِى السَّمَاۤءِ وَسُلْطَانُكَ فِى الْاَرْضِ كَسُلْطَانِكَ فِى السَّمَاۤءِ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْكَرِيْمِ وَوَجْهِكَ

الْمُنِيْرِ، وَمُلْكِكَ الْقَدِيْمِ. اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

طریقہ کار: اس متبرک دعا کو کسی بھی مرض کے لیے مریض پر سات (7) مرتبہ یا اکیس (21) مرتبہ پڑھ دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو صبح وشام پلائیں۔ اس کو بہت سے مریضوں پر آزمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مجرب ہی پایا۔

قلندری مندرہ

یہ مندرہ پیرومرشد سرور پیا سرکار کی خاص توجہ سے اور آپ کی راہنمائی سے بنایا ہے، اس کے بہت سے فوائد ہے۔ اس مندرے کو عمل میں لانے سے پہلے میٹھی نیاز پکائی جائے اور اس کا ثواب حضور صل اللہ علیہ وسلم و آپ صل اللہ علیہ وسلم کی آل اور سلسلہ عالیہ قادریہ جہانگیریہ کے بزرگوں کو پیش کیا جائے اور وہ نیاز بچوں کو کھلا دیں۔ اس کو عامل روزانہ ایک بار پڑھ لے۔ یہ عامل کے لیے بہت زبردست حصار بھی ہے۔

قلندری مندرہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ، رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ، وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا. فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اللہ، محمد، علی، فاطمہ، حسن وحسین کی رکھ داتا گنج بخش ابوالحسن علی بن عثمان ہجویری کی رکھ پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی، غوث الثقلین غوث الاعظم کی رکھ شیخ نجم الدین قلندر غوث الدہر کی رکھ شاہ مخلص الرحمن جہانگیر کی رکھ شاہ عبدالحی جہانگیری کی رکھ شاہ محمد نبی رضا قادری جہانگیری کی رکھ خواجہ عنایت حسن سرکار کی رکھ شاہ حسن پیا سرکار کی رکھ خواجہ شاہ یعقوب القادری کی رکھ خواجہ محمد یوسف القادری سرکار کی رکھ خواجہ صوفی نذیر احمد طاہر شاہ القادری کی رکھ پیرومرشد استاد صوفی غلام سرور شباب القادری سرکار کی رکھ حضرت عیسیٰ کی کنجی۔ حضرت موسیٰ دا چندرا۔ حضرت شاہ علی دا مندرہ۔ سب کارن سندرہ مریض کا مرض باندھ شیطان ابلیس باندھ جن، دیو، پری باندھ بھوت پریت سایہ باندھ چڑیل باندھ تعویذ گنڈا ٹونہ باندھ کالا علم باندھ جادو منتر افسون باندھ سٹھ موٹھ باندھ ہر علم وعمل باندھ نظر بد اثر بد باندھ کیا کرایا بھیجا بھجایا باندھ گڈا مسان باندھ ام صبیان باندھ دشمن باندھ دشمن کا ہر وار باندھ موزی سانپ بچھو باندھ دندان کا ڈنگ زہر باندھ بحق جبرائیل باندھ بحق میکائیل باندھ بحق اسرافیل باندھ بحق عزرائیل باندھ بحق تنکائیل باندھ بحق دردائیل باندھ باندھ باندھ باندھ یا الٰہی باندھ بحرمت عَلِيْقًا مَلِيْقًا طَلِيْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا كَافِيًا شَافِعًا اِرْتَضٰى مُرْتَضٰى بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اٰسًا تَاسًا لَاسًا لَوْسًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

طریقہ استعمال: کسی پر جادو ہو، نظر بند کے اثرات ہو، جسمانی بیماری ہو۔ تو مندرے کو 11 بار پڑھ کے پانی پر دم کر کے دیں اور اس کی آپ مریض پر دم بھی کر سکتے ہے ان شاء اللہ رزلٹ آپ کو سو فیصد ملے گا۔

اسمائے حسنیٰ کے مجرب عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

عمل محبت کے لیے اسم اعظم

عمل: یَاوَدُوْدُ

تعداد پڑھائی: ایک ہزار چار (1004) مرتبہ (تین دن)، اول آخر درود شریف اکیس (21) مرتبہ۔

ترکیب عمل: اگر کسی شخص کا محبوب باوجود ہر ممکن کوشش کے بھی قابو میں نہ آتا ہو اور طالب حد درجہ پریشان ہو تو اس عمل اسم اعظم کے ذریعے کامیابی مل سکتی ہے۔ ان شاء اللہ تین (3) دن کے اندر یقینی کامیابی ہوگی اور محبوب مطیع وفرمانبردار ہو جائے گا۔ شرط عمل یہ ہے کہ نیت جائز اور حلال ہو، صدق دل، مکمل اعتقاد اور یقین کے ساتھ عمل پڑھے۔

طریقہ عمل یہ ہے: پوری طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا، جس میں روح کیوڑہ بھی ڈالا گیا ہو، تیار کریں۔ بروز جمعرات بوقت عصر قبلہ رُو بیٹھ کر آنکھیں بند کریں اور تصور محبوب جمائیں۔ جیسے محبوب سامنے دست بستہ بیٹھا ہو۔ اور اپنے آپ کو مغلوب کے طور پر پیش کرتا ہو۔ تب ایک ہزار چار (1004) مرتبہ اسم یَاوَدُوْدُ کو پڑھیں۔

اوّل آخر تین (3) دفعہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تین (3) دن میں مطلوب حاضر ہوگا۔ بعد عمل اس شربت پر دم کر کے خود پی لیں۔

اس عمل کو اُس وقت کریں جب دوسرے عملیات نے اثر نہ کیا ہو۔

یَارَزَّاقُ

یہ اسم مبارک ان ۹۹ اسمائے الٰہی میں سے ایک اسم ہے۔ اس اسم کے معنی ہیں روزی دینے والا۔ نیز اسم ہٰذا جمالی ہے۔ جو کوئی بعد نماز صبح صادق اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دس دس (10،10) بار پڑھے، ان شاء اللہ اس گھر میں رنج و مفلسی نہ ہوگی۔ البتہ داہنے کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف سے نہ پھیرے کہ واسطے کشائشِ رزق کے مفید ہے۔

یَاوَاسِعُ

یہ اسم مبارک جلالی ہے۔ اس کے معنی ہیں ''اے وسعت دینے والے۔'' خاصیت اس مبارکہ کی بہت ہیں کہ موقع بموقع ضبط تحریر میں آتی رہیں گی۔ منجملہ ان کے ایک ادنیٰ سی خاصیت اس مبارک نام کی یہ ہے کہ اس کا ورد کرنے والا کبھی تنگدست نہ ہوگا۔ بہت سے لوگوں کا بارہا کا آزمودہ ہے۔ جتنا خرچ کرے گا، اسے زیادہ ملے گا۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ بعد فراغ ہونے نماز عشاء کے، پانچ (5) مرتبہ درود شریف اوّل اور پانچ (5) مرتبہ درود شریف کے بعد درمیان میں اس اسم کو پانچ سو (500) بار بلاناغہ پڑھے۔ دورانِ وظیفہ خوانی اپنے کو خوشبو سے معطر کرے۔

یَاوَاجِدُ

یہ اسم بھی خالقِ اکبر کا ہے۔ معنی اس کے ہیں ''اے غنی بے پرواہ۔'' جلالی ہے اور بے پناہ اوصاف کا مالک ہے۔ مخصوص یہ کہ اگر کوئی شخص خلوت میں اس اسم کی بغیر شمار تلاوت کرے، ان شاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔

یَاوَهَّابُ

یہ مبارک نام بھی باری تعالیٰ کا ہے۔ جمالی ہے۔ معنی اس کے ہیں ''اے بہت دینے والے بغیر عوض کے۔'' ایک معمولی سی صفت اس اسم مبارک کی یہ ہے کہ اگر کوئی شخص فقر وفاقہ میں مبتلا ہو کر انتہائی پریشان ہو اور ساری تدبیریں بیکار ثابت ہو چکی ہیں تو بعد ہر نماز کے اس اسم کی مداومت کرے۔ روزی میں بغیر وہم وگمان کے اضافہ ہوگا۔ صاحب ضرورت متحیر ہوگا۔

یَابَاسِطُ

یہ اسم بھی اللہ پاک کے ان ننانوے ناموں میں سے ایک ہے۔ جلالی ہے۔ اگر کوئی شخص بوقتِ صبح صادق آنکھ کھلتے ہی ہاتھ اٹھا کر اس اسم کو دس (10) بار پڑھے اور ہاتھ منہ پر پھیرے تو وہ کبھی تنگدست نہ ہوگا اور نہ اس کو کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت ہوگی۔

فضیلت وخواص سورۂ کہف

حضرت مولانا اعجاز احمد خاں مدظلہٗ (کراچی)

فضیلت سورۂ کہف

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک روایت ہے کہ جس شخص نے سورۂ کہف کی پہلی دس (10) آیتیں حفظ کرلیں، وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ اور کتب مذکورہ میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے ایک دوسری روایت میں یہی مضمون سورۂ کہف کی آخری دس (10) آیتیں یاد کرنے کے متعلق منقول ہے۔ (مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، مسند احمد)

مسند احمد میں بروایت حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ یہ منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ کہف کی پہلی اور آخری آیتیں پڑھ لے، اس کے لئے اس کے قدم سے سر تک ایک نور ہوجاتا ہے۔ اور جو پوری سورت پڑھ لے تو اس کے لئے زمین سے نور ہوجاتا ہے۔ اور بعض روایات میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرلے، اس کے قدم سے لے کر آسمان کی بلندی تک نور ہوجائے گا، جو قیامت کے دن روشنی دے گا اور پچھلے جمعہ سے اس جمعہ تک کے اس کے سب گناہ معاف ہوجائیں گے۔ (امام ابن کثیرؒ نے اس روایت کو موقوف قرار دیا ہے)

حافظ ضیاء مقدسی نے اپنی کتاب مختارہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھ لے، وہ آٹھ (8) روز تک ہر فتنہ سے معصوم رہے اور اگر دجال نکل آئے تو یہ اس کے فتنہ سے بھی معصوم رہے گا۔ (ابن کثیر)

روح المعانی میں دیلمی سے بروایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ کہف پوری کی پوری ایک وقت میں نازل ہوئی اور ستر ہزار فرشتے اس کے ساتھ آئے، جس سے اس کی عظمت شان ظاہر ہوتی ہے۔

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنے گھر میں سورۂ کہف پڑھی، گھر میں ایک جانور تھا، وہ بدکنے لگا۔ اس نے جو نظر کی تو ایک ابر کو دیکھا کہ اس نے اس کو چھپالیا ہے۔ یہ ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو فرمایا پڑھ اے فلاں، یہ سکینہ قرآن کے لئے اترا ہے (روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے)۔

روایت کیا ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جس نے پڑھی سورۂ کہف، اس کے لئے نور ہوگا، اس کے مقام سے مکہ مکرمہ تک اور جس نے دس (10) آیتیں اس کے آخر کی پڑھیں، پھر دجال نکلا تو کچھ ضرر اس کو نہ ہوگا۔ (طبرانی)

سورۂ کہف کا جمعہ کے دن باوضو پڑھنا، زمین و آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ (8) دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے۔ پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔

سورۂ کہف کا روزانہ باوضو پڑھنا، ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمان میں ترقی بخشتا ہے۔

سورۂ کہف کے خواص

1. جس مکان میں سورۂ کہف باوضو پڑھی جائے گی، کوئی شیطان یا چور اس مکان کا ارادہ نہ کرے گا۔ (یعنی کوئی شیطان یا چور اس مکان میں داخل نہ ہوگا۔ مطلب یہ ہے کہ اس مکان میں کبھی چوری نہ ہوگی اور نہ اس مکان میں شیطان کے اثرات ہوں گے۔)
2. اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور اسے کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو، وہ شخص عشاء کی نماز کے بعد باوضو سورۂ کہف پڑھ کر سوجائے۔ جس وقت کے اٹھنے کا ارادہ کر کے سویا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ اسی وقت پر آنکھ کھل جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

نقش سورۂ کہف

اگر کوئی شخص سورۂ کہف کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے یا اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے یا اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ، اس نقش

(بقیہ: ص 8)

درود شریف کے مجرب عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حصول مطلب اور ہر بلا دور ہو

جو کوئی واسطے حصول مطلب کے بکثرت درود شریف پڑھے، ہر بلا دور ہو۔ درود شریف کا عمل نہایت مجرب ہے۔ ہزار ہا بزرگوں کا آزمودہ ہے۔

زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

گھر کے ایک پاک و صاف گوشہ میں بیٹھ کر بعد نماز ایک ہزار (1000) بار یہ درود شریف پڑھو:

یَانُوْرُ صَلِّ عَلَيْهِ النُّوْرُ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِ وَسَلِّمْ

بعد ختم دنیا کے کام کرو۔ اسی طرح پانچ (5) جمعہ کرو۔ ان شاء اللہ، زیارت پاک صاحب لولاک سے مشرف ہوگے۔

عمل حاجت روائی و مشکل کشائی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ صَلَاةً تَحُلُّ بِهَا عُقْدَتِيْ وَتُفْرِجُ بِهَا كُرْبَتِيْ وَتَنْقُذُنِيْ بِهَا مِنْ وَحْلَتِيْ وَتَقِيْلَنِيْ بِهَا مِنْ عَثْرَتِيْ وَتَقْضِيْ لِيْ بِهَا حَاجَتِيْ وَتُبَلِّغُنِيْ بِهَا اُمْنِيَتِيْ۔

تعداد پڑھائی: ایک ہزار (1000) مرتبہ روزانہ۔

طریقہ عمل: جس شخص کی اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی حاجت ہو یا فکر پریشانی میں مبتلا ہو یا اس پر کوئی مصیبت ٹوٹ پڑی ہو تو اُس کو چاہیے کہ آدھی رات کے وقت اُٹھے۔ سنت کے مطابق بخوبی وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو قبلہ رو بیٹھ کر ایک ہزار (1000) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

ان شاء اللہ، اس کی مشکل اور پریشانی دور ہوگی۔

واسطے برآمد مطلب

ترکیب ختم الصلوٰۃ تنجینا: عروج ماہ میں شبِ جمعہ کو شروع کرے اور جب پڑھنا منظور ہو، اس روز روزہ رکھے اور شام کو شیر برنج سے افطار کرے اور غسل کر کے کپڑے پاک مثل چادر وغیرہ کے اوڑھے اور زیر آسمان کھڑا ہو کر ایک سو (100) مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ، تین (3) شب میں مطلب حاصل ہوگا۔ یہ واسطے برآمد مطلب کے بہت ہی مجرب ہے۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

برائے حاجت

ظہر کے وقت تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھے، حاجت برآئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ اِنِّيْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَ رَسُوْلِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

برائے نومبر 2022

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

ہر حاجت کے لیے

روزانہ صبح وشام پڑھنے کا خاص ورد جس کو کسی بھی جائز حاجت کے لیے پڑھا جائے تو بفضلِ تعالیٰ، وہ حاجت پوری ہوجاتی ہے۔

مالی مشکلات کا حل

جو بھی مالی مشکلات کا شکار ہو، سات (7) دن پر مشتمل یہ روحانی علاج منگوائے۔ ان شاءاللہ، مالی مشکلات حل ہونا شروع ہوجائیں گی یا ان کا کوئی نہ کوئی سبب بن جائے گا۔ اس عمل میں کچھ اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے بارے میں پہلے رابطہ کریں۔ صرف اشیاء کی قیمت اور ڈاک خرچ وصول کیا جائے گا عمل کی تیاری فی سبیل اللہ کی جائے گی۔

مسلط آسیب وجنات سے نجات

آسیب وجنات کے متاثرہ ایسے مریض جن پر شریر جنات مسلط ہوں، ان کے لیے دو (2) ہفتے پر مشتمل روحانی علاج۔ (چراغ والا علاج)

ہر قسم کے درد سے نجات

ہر قسم کے درد سے نجات کے لیے مالش کرنے کا خاص تعویذ۔

اولاد کی فرمانبرداری کے لیے

آج کل والدین کا ایک بڑا مسئلہ اولاد کی نافرمانی ہے۔ اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے تو اصل وجہ کی تلاش کرنی چاہیے اور اس کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ خاص تعویذات پر مشتمل اس روحانی علاج کو استعمال کرنے سے ان شاءاللہ، اولاد فرمانبردار ہوجائے گی۔

محبت کے لیے

فوائد جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظربد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراونے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس بخور کا استعمال بہت مفید ہے۔

روحانی چینی برائے جنات

روحانی چینی پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے روحانی نمک کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔ جو جنات کے ہر قسم کے اثرات دور کرنے میں بہت مفید ہے۔ ایسے اثرات جو کھانے پینے والی اشیاء پر کر کے کھلایا گیا ہو۔ اس کو مریض کے جسم سے نکالنے کے لئے ایسی تمام اشیاء کو استعمال کیا جاتا ہے۔

ھدیہ 150 روپے

جو مریض کھا/پی سکتا ہو ان کے لیے روحانی چینی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ گھر کے تقریباً ہر کھانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے اور ہر کوئی استعمال کر سکتا ہے۔ روحانی نمک گھر کا ہر فرد استعمال کر سکتا ہے۔

روحانی نمک 4: برائے دفع جادو

روحانی نمک، جس پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے روحانی نمک کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔ جو جادو کے ہر قسم کے اثرات دور کرنے میں بہت مفید ہے۔ ایسا جادو جو کھانے پینے والی اشیاء پر کر کے کھلایا گیا ہو، اس کو مریض کے جسم سے نکالنے کے لئے ایسی تمام اشیاء کو استعمال کیا جاتا ہے۔

ھدیہ 70 روپے

جو مریض کھا/پی سکتا ہو ان کے لیے روحانی نمک کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ گھر کے تقریباً ہر کھانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے اور ہر کوئی استعمال کر سکتا ہے۔ روحانی نمک گھر کا ہر فرد استعمال کر سکتا ہے۔

روحانی شہد برائے دفع جنات

قیمت 400 روپے

شہد کے ویسے تو بے شمار فوائد ہیں۔ جو کہ غذا بھی، دوا بھی اور یقینی شفاء بھی۔ اگر دم کیا ہوا شہد موذی مرض کیلئے استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ روزانہ صبح وشام مریض کو کھلائیں۔

روحانی شہد دراصل طاقت کا خزانہ ہے۔ اس روحانی شہد پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جناتی اثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔

اس کے علاوہ ڈراؤنے خواب، بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس روحانی شہد کا استعمال بہت مفید ہے۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

اچانک نوکری ختم ہوگئی

سوال میں بیرون ملک ''عمان'' میں رہتی ہوں۔ میری نوکری کسی وجہ کے بغیر اچانک ختم ہوگئی ہے۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں تاکہ مجھے کسی اچھی جگہ نوکری جلد مل جائے۔ (ش، عمان)

جواب سورۂ والضحیٰ اکتالیس (41) بار، اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود شریف۔ اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کردیں۔ دنوں کی قید نہیں۔ البتہ زیادہ سے زیادہ مدت چالیس (40) دن ہے۔

گھر پر جنات ہیں اور تنگ کرتے ہیں

سوال میرے سسرال کے گھر میں جنات کا بسیرا ہے یا پھر کسی نے جادو کے ذریعے بھجوائے ہیں، یہ مجھے نہیں پتا لیکن جنات موجود ضرور ہیں۔ اس کے کئی ثبوت میرے سسرال والوں کو مل چکے ہیں۔ میں اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ عارضی طور پر قریب ہی ایک گھر میں رہ رہی تھی۔ اب میرے سسر کے حکم پر واپس اسی گھر میں جا رہی ہوں۔ پہلے بھی کئی سال اسی گھر میں رہتی تھی۔ بہت ہی گھٹن محسوس ہوتی تھی۔ جب سے نئی جگہ گئی ہوں، ایسا لگتا ہے کہ کوئی بوجھ تھا جو ختم ہوگیا۔ میری اور بچوں کی طبیعت بھی ٹھیک رہتی ہے جو کہ پرانے والے گھر میں نہیں رہتی تھی۔ اب مجھے خوف آ رہا ہے کہ واپس بچوں کے ساتھ جناتی و آسیبی گھر میں جا رہی ہوں۔ میری مدد کریں تاکہ جنات مجھے اور میرے بچوں کو کچھ نہ کہیں۔ (ن، لاہور)

جواب اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ کے سسرال والے گھر میں جنات کا بسیرا ہے۔ بہتر تو یہی ہے کہ اس گھر کو چھوڑ دیں۔ آپ کے بچے بھی ابھی بہت چھوٹے ہیں۔ اس لیے کوئی بڑا عمل کرنا خطرناک بھی ہوسکتا ہے۔

آپ صرف ایک (1) مرتبہ سورۂ مزمل، اول و آخر تین تین (3-3) بار درود شریف کے ساتھ روز پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پانی کو پینا ہے اور صرف اپنے اور بچوں کے کمرے میں چھڑکنا ہے۔ ان شاء اللہ، جنات تنگ نہیں کریں گے۔

علاقائی جنات نے بہت پریشان کیا ہوا ہے

سوال میرے والد صاحب نے ایک پلاٹ خرید کر گھر بنایا۔ اس میں کچھ پرانے درخت تھے جو کٹوا دیے گئے۔ جب سے ہم نئے گھر میں آئے ہیں، مسلسل معاشی زوال کا شکار ہوگئے ہیں۔ اب حالات تو یہ ہیں کہ سب سرمایہ ختم ہوگیا ہے۔ آپ کے پاس پہلے آئے تھے اور اپنے بڑے بھائی کو بھی لایا تھا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ گھر کو چھوڑنا ہی بہتر ہے۔ جنات کہتے ہیں کہ ان کے بیٹے کو مار دیا تھا گھر بناتے وقت اس لیے اب نہیں چھوڑیں گے۔ میرے بڑے بھائی کو زیادہ اطمینان نہ ہوا اور وہ لاہور میں گڑھی شاہو میں کسی شاہ صاحب کے پاس گئے۔ انہوں نے بھی آپ والی ہی بات کہی۔ مزید اضافہ یہ کیا کہ یہ جنات آپ کو گھر بیچنے بھی نہیں دیں گے اور نہ ہی جانے دیں گے۔ اور ہو بھی ایسا ہی رہا ہے۔ شاہ صاحب نے علاج سے انکار کردیا کہ میرے بس کی بات نہیں۔

میرے بڑے بھائی، والدہ اور ایک بہن گھر بیچنے پر راضی نہیں۔ والد صاحب کا انتقال ہوچکا ہے۔ میری سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا ہے کہ کیا کروں۔ گھر چھوڑ کر جاؤں تو کہاں جاؤں؟ کرایہ پر جانا بھی آسان نہیں۔ میں تو یہ سوچ رہا ہوں کہ پاکستان ہی چھوڑ جاؤں۔ اور کوشش بھی کر رہا ہوں مگر اس میں چھ ماہ سے ایک سال لگ سکتا ہے۔ مہربانی فرما کر میری اس بارے میں مدد کریں کہ جب تک میں گھر چھوڑ کر نہیں جاتا، جنات تنگ نہ کریں اور میرے معاشی کاموں میں رکاوٹ نہ ڈالیں۔ (ظ، لاہور)

جواب میں نے تو پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ جگہ چھوڑنا ہی بہتر ہے۔ ایک تو جنات کا جانی نقصان ہوا۔ پھر عاملین سے علاج معالجہ کروا کر مزید غصہ میں آ گئے ہیں۔ اور گھر والے علاج بھی پابندی سے نہیں کرتے۔

آپ کا پیغام بزرگ جنات تک پہنچا دیا ہے اور انہوں نے فرمایا ہے کہ آپ کے گھر والے جنات کو کہہ دیا جائے گا کہ آپ کو مزید پریشان نہ کریں اور آسانی سے جانے دیں۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ آپ کے گھر والے جنات بات مان بھی جائیں۔ آپ کے لیے ایک حصار بتایا گیا ہے۔ اس کی پابندی کریں۔ ان شاء اللہ، جنات قریب نہ آ سکیں گے۔ حصار یہ ہے:

سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، چاروں قل، سورۂ کوثر...... سب ایک ایک (1-1) بار۔ پڑھ کر اپنا اور گھر کا حصار کر لیا کریں۔ اپنے اور گھر والوں کی حفاظت کا خیال رکھیں۔ جنات کو بھگانے یا جلانے کا کوئی عمل فی الحال نہ کریں۔

گھر سے پیسے کس نے چوری کیے؟

سوال میں نے ایک بار پیسے اپنے الماری کی دراز میں رکھے۔ اگلے دن دیکھا تو وہ کم تھے۔ چند دن پہلے اپنا پرس اپنے بستر پر رکھا۔ اس میں آٹھ ہزار روپے تھے۔ ایک پانچ ہزار کا نوٹ اور تین ہزار کے۔ میرا کمرہ پہلی منزل پر ہے۔ میں کسی کام سے نیچے گئی اور پھر جب اوپر آئی تو پرس میں سے پانچ ہزار کا نوٹ غائب تھا۔ اس عرصہ میں کوئی میرے کمرے میں نہیں آیا۔ میں بہت پریشان ہوں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔ کچھ رہنمائی فرمائیں۔ (ر، کراچی)

جواب محترمہ! آپ کے گھر میں جنات کا بسیرا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ آپ لوگ چلے جائیں مگر ایسا نہیں ہو رہا۔ جس کی وجہ سے وہ اب آپ لوگوں کو تنگ کر رہے ہیں۔ یاد رکھیں کہ ایسے گھروں میں، جہاں جنات کا بسیرا ہو اور وہاں انسان بھی رہنا شروع کر دیں تو جنات تنگ کیا کرتے ہیں۔ چوری، بیماری کرنا، چیزوں کو اِدھر اُدھر کر دینا، لڑائیاں کروانا اور اس طرح کے بہت سے کام ہیں جو جنات کرتے ہیں۔ میری تشخیص میں یہ چوری جنات نے ہی کی ہے۔ اگر آپ پیسے واپس لینا چاہتی ہیں تو بتائیں۔ ورنہ آئندہ کے لیے پیسے کسی ایک مخصوص دراز میں رکھیں اور آیت الکرسی ایک (1) بار دم کر دیا کریں۔ اسی طرح پرس میں رکھیں تو بھی ایک (1) بار آیت الکرسی دم کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ، جنات پیسے چوری نہیں کریں گے۔

فیکٹری پر جادو کا حملہ

سوال میں شام 4 سے 5 بجے اپنی فیکٹری میں تھا کہ اچانک طبیعت سخت خراب ہونا شروع ہو گئی۔ بہت بوجھ، جسم ایسا جیسے کسی نے کوٹ کوٹ کر مارا ہو۔ میں نے جلد ہی ایمرجنسی بتی سونگھی تو طبیعت سنبھلی۔ پھر میں گھر آ گیا۔ رات کو دوبارہ وہی کیفیت ہو گئی۔ اور میری چھوٹی بیٹی کے ساتھ بھی وہی کیفیت ہونے لگی۔ میں نے خود بھی اور بیٹی کو بھی ایمرجنسی بتی سنگھائی تو طبیعت بہتر ہوئی۔

آپ سے پوچھنا یہ ہے کہ یہ کیا معاملہ ہوا؟ اور مجھے کیا کرنا چاہیے تاکہ دوبارہ نہ ہو؟ (س، لاہور)

جواب آپ پر فیکٹری میں ہی سخت جادو کا حملہ ہوا۔ باقاعدہ جنات بھیجے گئے۔ اور وہی جنات آپ کے ساتھ گھر بھی گئے۔ آپ فوری طور پر اپنا، بیٹی اور دیگر گھر والوں کا روحانی علاج شروع کریں اور گھر کی روحانی صفائی کا عمل کریں۔ فیکٹری میں فی الحال کوئی بڑا عمل نہ کریں۔ جب فیکٹری جائیں تو حصار کر کے جایا کریں۔ جیسے ہی گھر والوں کی روحانی تشخیص صاف آئے یا کافی بہتر آئے تو سب کی روحانی حفاظت کا بندوبست کرتے ہوئے فیکٹری میں روحانی صفائی کا عمل شروع کر دیں۔ ان شاء اللہ، اسی سے کافی بہتری آ جائے گی۔ جادو جو ہوا ہے، وہ سخت ہے۔ احتیاط سے علاج کریں۔

نوٹ: اپنے مسائل کا روحانی حل معلوم کرنے کے لیے روحانی علاج گاہ کے واٹس ایپ نمبر پر اپنے مسائل بھیج سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ، رہنمائی کی جائے گی۔ 0309-7772772, 0324-7772772

"نقش سورۂ اخلاص برائے حب" کے عامل بنیں

ملازم حسین (اسلام آباد)

نقش سورۂ اخلاص برائے حب

یہ نقش حب کیلئے نہایت ہی مجرب ہے اور بار ہا کا آزمودہ ہے لیکن عامل کو پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرنا پڑے گی۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے بعد از نمازِ عشاء، سورۂ اخلاص کو تین ہزار ایک سو پچیس (3125) مرتبہ اکتالیس (41) روز تک پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

صبح کو نماز کے بعد روزانہ اکتالیس (41) عدد نقش لکھیں اور آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اکتالیسویں دن شیرینی لے کر چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ان شاء اللہ، زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

بعد از زکوٰۃ، ایک چلّہ تک روزانہ چار (4) عدد نقش لکھیں۔ اور مذکورہ سورۃ کو ایک سو ایک (101) مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں، عمل قابو میں رہے گا۔

سورۃ اخلاص کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

احد	اللہ	ھو	قل
یلد	لم	الصمد	اللہ
ولم	لد	یو	ولم
احد	کفوا	لہ	یکن

تین (3) عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش طالب کے بازو پر باندھ دیں۔ ایک نقش کسی پھل دار درخت کے ساتھ لٹکائیں۔ ایک نقش کسی بھاری چیز کے نیچے رکھ دیں۔ ان شاء اللہ، تین (3) روز کے بعد مطلوب محبت کی آگ میں بھڑک اُٹھے گا۔

عملِ خاص "یا سمعون" کے عامل بنیں

محمد یوسف سہارن

جتنے دنوں میں کاغذ پر ایک لاکھ پچیس ہزار (1،25،000) بار لکھ سکے۔ لکھ کر دریا یا نہر میں ڈال دے۔ یعنی آٹے میں گولیاں بنائے۔ تعداد پوری ہونے پر زکات ادا ہوگی۔

یا سمعون کسی کاغذ پر خوب جلی لکھیں اور ایک (1) کیل اپنے پاس رکھیں۔

٭سر میں درد ہو تو	یا	پر کیل ٹھونک دیں۔
٭دانت میں درد ہو تو	س	پر کیل ٹھونک دیں۔
٭عورت کو درد زہ ہو تو	م	پر کیل ٹھونک دیں۔
٭درد شقیقہ ہو تو	ع	پر کیل ٹھونک دیں۔
٭کان میں درد ہو تو	و	پر کیل ٹھونک دیں۔
٭بخار وغیرہ میں مبتلا ہو تو	ن	پر کیل ٹھونک دیں۔

روحانی سرمۂ تسخیر

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۔ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۔ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۔ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۔ (طٰہٰ:)

ان آیات کی زکوٰۃ تین ہزار (3000) مرتبہ پڑھنا ہے، جتنے دنوں میں پڑھی جائے۔ نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ ایک وقت متعین اور تعداد معینہ کے ساتھ۔ بعد زکوٰۃ تین سو (300) مرتبہ سرمہ پر پڑھ کر رکھ لے۔ ایک ایک (1،1) سلائی آنکھ میں لگائے۔ جو دیکھے گا، تابع و مسخر ہوگا۔

اجازت کے لیے: روحانی درس گاہ 0333-7772775

سوتے وقت اللہ کی طرف سے ایک پہرے دار مقرر

الشیخ امام جلال الدین حفظہ اللہ

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ:

ترجمہ:......"رسول اللہ ﷺ نے مجھے رمضان کے مہینے میں آئے ہوئے اموال کی حفاظت پر نگران مقرر کیا تو میرے پاس ایک شخص آیا اور سامان میں سے کھانے کی چیزیں ہاتھوں میں بھر کر اٹھانے لگا تو میں نے اس کو پکڑ لیا اور اس سے کہا کہ اللہ کی قسم میں تجھ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں گا، تو وہ کہنے لگا کہ میں نہایت محتاج شخص ہوں اور میرے بہت سارے بچے ہیں اور مجھے کھانے کی ضرورت ہے۔ یہ سن کر میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ جب صبح ہوئی تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو ہریرہ! ان کے رات کے قیدی کا کیا بنا؟ تو میں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! اس نے بہت شدید ضرورت اور کثرت عیال کی شکایت کی تو میں نے اس پر رحم کھا کر چھوڑ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا بہر حال اس نے تم سے یقیناً جھوٹ بولا ہے اور وہ پھر بھی تمہارے پاس آئے گا۔ حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے کہ مجھے اسی وقت یقین ہو گیا کہ وہ ضرور دوبارہ آئے گا کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ وہ دوبارہ آئے گا۔ حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کے لئے گھات لگائی تو وہ دوبارہ آ کر کھانے کی چیزیں اٹھانے لگا تو میں نے اس کو دوبارہ پکڑ لیا اور اس سے کہا کہ تجھ کو ضرور بالضرور رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں گا تو وہ کہنے لگا کہ مجھے چھوڑ دو کیونکہ میں بہت زیادہ حاجت مند ہوں اور سارے گھر والوں کا بوجھ میرے اوپر ہے۔ میں دوبارہ یہ کام نہیں کروں گا تو میں نے اس پر رحم کھا کر چھوڑ دیا۔ جب صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا اے ابو ہریرہ ؓ! ان کے قیدی کا کیا بنا تو میں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! اس نے ضرورت اور گھر والوں کے بوجھ کی شکایت کی تو میں نے اس پر رحم کھا کر چھوڑ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا بہر حال اس نے تم سے یقیناً جھوٹ بولا ہے اور وہ دوبارہ آئے گا۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ تیسری بار میں اس کے گھات میں چھپ کر بیٹھ گیا تو وہ دوبارہ آ کر کھانے کی چیزیں اٹھانے لگا تو میں نے اس کو پکڑ لیا اور اس سے کہا کہ اس بار تو تجھ کو ضرور رسول اللہ ﷺ کے پاس لے چلوں گا کیونکہ تو نے یہ کام تیسری مرتبہ کیا۔ تم ہر بار کہہ دیتے ہو کہ دوبارہ نہیں آؤں گا لیکن پھر آ جاتے ہو تو وہ شخص کہنے لگا کہ مجھے چھوڑ دو۔ میں آپ کو ایسے کلمات سکھاتا ہوں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ آپ کو بہت زیادہ نفع دے گا تو میں نے اس سے کہا کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ تو وہ کہنے لگا:

اِذَآ اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَاْ آيَةَ الْكُرْسِيِّ

جس وقت آپ اپنے بستر پر آئیں تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے برابر آپ پر ایک پہرہ دار پہرہ دے گا اور آپ کے قریب کبھی بھی شیطان نہیں آئے گا، یہاں تک کہ صبح ہو جائے۔ (فرماتے ہیں) تو میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ پھر جب صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ تمہارے رات کے قیدی کا کیا بنا؟ تو میں بتایا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! اس نے کہا کہ وہ مجھے ایسے کلمات سکھائے گا جس کی وجہ سے اللہ مجھے بہت زیادہ نفع پہنچائے گا۔ اس وجہ سے میں نے اس کو چھوڑ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ کلمات کیا ہے؟ تو میں نے عرض کیا کہ اس نے مجھے بتایا کہ جب تم اپنے بستر پر آؤ تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو اور یہ بھی کہا کہ آپ پر اللہ کی جانب سے پہرا دینے کے لیے ایک پہرے دار مقرر کیا جائے گا اور صبح تک تیرے قریب شیطان نہیں آئے گا۔ (راوی فرماتے ہیں) مگر صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین خیر کے کاموں میں نہایت حریص تھے تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ:

اَمَا اِنَّهٗ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ

بہر حال اس نے تم کو سچ کہا ہے حالانکہ وہ اصلاً جھوٹا ہے۔ اے ابو ہریرۃ! تم کو معلوم ہے کہ تین دن سے تم کس سے باتیں کرتے رہے؟ تو میں نے کہا کہ نہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: قَالَ ذَاكَ شَيْطَانٌ (کہ یہ شخص شیطان تھا)۔ (البخاری باب الوکالۃ)

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تاکہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ بغیر کسی فیس کے درج ذیل اعمال کے آپ عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن ۔ آغاز 8 نومبر دوپہر 01:02 ۔ اختتام 8 نومبر شام 06:56 ۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بداثرات وکئی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بداثرات ومختلف بیماریوں کا علاج وحفاظت۔

نظرِبد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورۂ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تاکہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراھیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلم قولا من رب رحیم: حب وتسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لاعلاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لاحول ولاقوۃ الاباللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہدیدی نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جیٹھانی/دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتے، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظر بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن کے لیے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرہن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ اعمال منگوانے کے لئے روحانی درسگاہ میں کم از کم ایک ہفتہ پہلے اطلاع کرنا ضروری ہے۔ ان کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں:

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/chand_girhan.htm

مجرب اعمالِ شر

کاش البرنی رحمہ اللہ

عشق سے دل سرد کرنا

مطلوب مع والدہ کے نام کے اعداد میں قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾ (الانبیاء:۶۹-۷۰) کے اعداد کو ملا کر مثلث پُر کریں اور سرد پانی کے کنارے دفن کریں۔

ایسے کام کیلئے تبت یدا ابی لھب بھی یہی خاصیت رکھتی ہے اور دل کو تسکین دیتی ہے۔

قُلْنَا يٰنَارُ کے اعداد عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ تک ایک ہزار دو سو اکتالیس (1241) ہیں اور پوری آیت کے الْاَخْسَرِيْنَ تک دو ہزار سات سو بتیس (2732) ہیں۔ بعض عامل اس آیت کے اعداد اِبْرٰهِيْمَ تک ہی لیتے ہیں اور تبت یدا کے اعداد پانچ ہزار آٹھ سو چھبیس (5826) ہیں۔

عقد اللسان

عدد آیت صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ (البقرۃ:۱۷۱) اور اعداد مطلوب مع والدہ کے ملا کر مثلث میں لکھیں۔ اور سنگ گراں کے نیچے دبائیں۔ آیت کے اعداد سات سو چونتیس (734) ہیں۔

عقد شہوت

عدد اسم مُذِلُّ و محبت و شہوت اور نام مطلوب مع والدہ کے اعداد لے کر مثلث میں پُر کریں۔ اور جائے نمناک میں زیر سنگ گراں دبائیں، مقصود حاصل ہوگا۔

بغض عداوت اور تفریق کے لئے

حروف اسم طالب مع والدہ اور تعداد حروف کواکب نحسین یعنی زحل اور مریخ مع تعداد حروف صوامت اور حروف اسم مطلوب مع والدہ وضع کر کے گن کر دیکھیں۔ اگر زوج ہوں تو چہار چہار اور اگر فرد ہوں تو پانچ پانچ کی ترکیب دے کر اسماء بنا کر عزیمت لکھیں۔ اور تمام حروف قطع قطع کر کے ایک دفعہ لوح کے چاروں طرف لکھیں۔ پھر تمام حروف ملاحظہ کریں کہ کون سا حرف غالب ہے۔ اس عنصر کے لحاظ سے اس لوح کو استعمال کریں۔ یاد رہے کہ اس سطر کے جملہ اعداد کے مطابق لوح مثلث بنا کر ارد گرد حروف لکھتے ہیں۔

آوارگی کے لئے

اس امر کے لئے چند اسماء ہیں۔ جن کے اعداد پانچ ہزار اکتالیس (5041) ہیں۔ ان اعداد میں نام شخص مطلوب مع والدہ کے ملا کر مثلث میں پُر کریں اور مرکز میں کل اعداد لکھیں۔

اخراج واستیصال

اس امر کے لیے مقصود آیت یہ ہے لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ (نوح:۲۶)۔ اس آیت کے اعداد نکال کر اس میں اسم مطلوب مع والدہ کے اعداد جمع کریں اور عدد پانچ ہزار اکتالیس (5041) ملا کر کُل مجموعہ کو مثلث میں پُر کریں۔ اور آیت مذکورہ کو حروف مقطعہ میں لوح کے ارد گرد لکھیں اور مرکز میں کل اعداد لکھیں۔

عداوت کے لئے

بجائے آیت لا تذر کے والقینا بینہم العداوۃ کے اعداد لیں اور مندرجہ بالا طریقہ سے عمل کریں۔ اور مرکز میں بھی لکھیں۔ عدد اس آیت کے تین ہزار تین سو چھتیس (3336) ہیں۔

انہزام کے لئے

عدد آیت سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ کے عدد داخل کر کے مندرجہ بالا طریقے سے عمل کریں اور مرکز تک پہنچائیں۔ عدد چھ سو گیارہ (611) ہیں۔ ایک نقش لکھ کر مطلوب کی خواب گاہ یا مکان میں دفن کرے اور ایک نقش اسی طرح کا لکھ کر سرکہ میں جلا کر کے مطلوب کی جائے سکونت پر چھڑکے۔

عملیات برائے حب و تسخیر

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

عمل حب المجرب آیہ سورہ طہ

وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ﴿٣٩﴾

(طه:٣٩)

اعداد اکیس سو تئیس (2123)

سورۃ طہ کی آیت نمبر 39 مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے اور مطلوب کو بے قرار کرنے کے لیے بہت مجرب المجرب ہے۔ طریقہ یوں ہے کہ نیچے دیئے گئے نقش کو لکھیں، نیچے نام طالب و مطلوب مع مادران کے تحریر کریں۔ اوّل آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف کے ساتھ آیت بالا گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھیں، تصور محبوب رکھ کر۔ ایک نقش مطلوب کو پلا سکتے ہیں تو پلا دیں۔ ان شاء اللہ مطلوب بہت محبت کرے گا۔ نقش یہ ہے:

یہ نقوش جو اسماء الحسنیٰ اور آیت مبارکہ کے لکھے جاتے ہیں، یہ ناجائز اور حرام کے لیے ہرگز نہ لکھیں۔ دل میں خوفِ خدا رکھیں۔

نوری عمل حب المجرب

اس عمل کو رات گیارہ (11) بجے کے بعد غسل و وضو، پاک صاف ہو کر، جائے نماز پر بیٹھ کر پڑھیں۔ عمل اکیس (21) دن کا ہے۔ روزانہ پانچ (5) تسبیح (500) کریں۔ عمل پر بیٹھنے سے پہلے اپنا حصار کرلیں۔ ان شاء اللہ وقت مقررہ سے پہلے ہی مطلوب بے قرار ہوگا۔ عمل یہ ہے:

اللہ اللہ میں کہوں   اللہ خود موجود

مجھ سے ایسے فلاں ملے جیسے یوسف سے یعقوب

** فلاں کی جگہ نام مطلوب مع والدہ لیں۔

نیز یہ عمل حرام کے لیے ہرگز نہ کریں ورنہ رجعت ہوگی۔

عظیم عمل و نقش برائے تسخیر و حب

یہ عمل تسخیر و حب میں نہایت مجرب اور سریع الاثر ہے اور میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ الحمد اللہ بعض دفعہ نقش تیار کرتے ہی اثر ہوتا ہے۔ صرف جائز اور حلال کے لیے اس کو لکھیں۔ نقش کے نیچے طالب و مطلوب مع مادران کے نام کے ساتھ لکھیں۔ خانوں میں نقش کی چال کے نمبر دائروں میں ہیں، یہ نہ لکھیں۔ نقش یہ ہے:

خواب بندی کے مجرب عملیات

الحاج حکیم میاں عبدالمنعم (لاہور)

عمل خواب بندی

اگر کسی شخص کی خواب بندی کرنی ہو تو اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے تو اس شخص کی خواب بندی ہو جائے گی اور وہ بے آرام و بے قرار ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ وَّاللّٰهُ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ مُّحِيۡطٌ۔ بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ۔ فِىۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ۔ (خواب بندی فلاں بنت فلاں فی حق فلاں بن فلاں) العجل العجل العجل الساعه الساعه الساعه طادع ۱۱۱ ما مله سرام

اس عمل کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں اور سیاہی میں سرکہ بھی ملا دیں۔ یہ عمل بدھ کے دن طلوع آفتاب کے وقت کریں۔ کسی کو ناحق پریشان نہ کریں ورنہ نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ جہاں ضرورت ہو، استعمال کریں۔

عمل خواب بندی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمۡ بُرۡهَانٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ عَظِيۡمٍ۔

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا ہو اور اس کی خواب بندی کرنی ہو تو اس کے پاؤں کی خاک لے کر اس آیت کو سات (7) مرتبہ، اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور خاک پر دم کریں اور اس خاک کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو مطلوب کی نیند بند ہو جائے گی اور وہ بے قرار ہوگا۔ اس کو غلط استعمال نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

عمل خواب بندی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بحق لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین

لا الہ الا اللہ الملک الحق الیقین

لا الہ الا اللہ الملک العرش العظیم

میں نے فلاں بنت فلاں کی خواب بندی کی۔

معشوق کے بال لائے۔ اس پر سات (7) گرہ دے۔ ہر گرہ پر یہ دعا پڑھے۔ معشوق کی خواب بندی ہوگی۔ اگر کسی مرد کی خواب بندی کرنی ہو تو فلاں 'بنت' کی جگہ 'بن' لگائیں یعنی فلاں بن فلاں کی خواب بندی کی۔ اگر عورت ہے تو والدہ کی جگہ بنت اگر مرد ہو تو بن لکھنا ہوگا۔ یہ عمل آپ بدھ کو طلوع آفتاب کے وقت کر سکتے ہیں۔

عمل خواب بندی

ایک قفل (تالا) لوہے کا لے کر اس پر سات (7) مرتبہ سورۃ انا اعطینا پڑھ کر قفل پر دم کرے اور قفل بند کر دے۔ اس کو اندھیری جگہ میں حفاظت سے رکھ دے۔ قفل پر دم کرنے کے بعد کہے کہ میں نے فلاں بن فلاں کی خواب بندی کی۔ اگر وہ مجھے نہ دیکھے تو دیوانہ ہو اور قرار نہ پائے۔ محبوب آپ سے بے قرار ہو کر ملنے آئے گا۔

دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمۡ مَّنۡ خَلَقۡنَا ؕ اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ (الصّٰٓفّٰت:۱-۱۱)

⑩ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَـبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الۡخَـالِـقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر:۲۲-۲۴)

⑪ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ (الجن:۳)

⑫ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ﴿۳﴾ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

⑬ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

⑭ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَـنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

دَم داڑھ اور دانت کا درد

حکیم محمد رؤف قادری (فیصل آباد)

عمل:

کَکّا کِیڑا قَرۡقَرا	بَتّی دَندچَلے
دُھائی شَیخ فَرِیددِی	بَدَاوِچ مَرے
چَوں لِیگاں دِے اَندَرۡوَار	پِیڑ گئی سمندر پار

طریقہ دَم:

لوہے کا ایک کیل لے کر اُس پر تین (3) مرتبہ مندرجہ بالا عمل پڑھ کر کیل پر دَم کریں۔ یہ کیل مریض اپنے منہ کے اندر درد والی ڈاڑھ یا دانت پر لگا کر رکھے۔ اَب عامل یہ عمل پانچ (5) یا سات (7) مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر دَم کرے۔ تو مریض اُس کیل کو نکال کر تھوک دے۔

اسی طرح تین (3) مرتبہ دَم کریں۔ پھر اُس کیل کو کسی درخت میں ٹھونک دیں اور مریض ساری زندگی کسی ایک پھل کو نہ کھانے کا عہد کرے۔ ساری زندگی دوبارہ درد نہ ہوگا۔

نوٹ: اس عمل کا عامل بننے کے لیے اس عمل کو روزانہ سات (7) مرتبہ پڑھتے رہیں، ساری عمر کے لیے۔ کوئی چلہ وغیرہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں اگر اس کا اثر تیز کرنا ہو، تو چاند یا سورج گرہن یا پھر نوروز کے وقت اس عمل کو ایک سو دس (110) مرتبہ پڑھ لیں۔ اور روزانہ سات (7) مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ عمل قابو میں رہے گا۔

بقیہ (ص 21) دفع آسیب کا قرآنی عمل

بِزِيۡنَةِ اۨلۡكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ۖ﴿۸﴾

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔ نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

محرم کے آخری منگل کو پابندی سے کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا ہے۔ اس صدقے میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔ اس سال سے یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کے لیے بھی میسر ہوگی۔ محرم کے علاوہ سال کے دیگر مہینوں میں بھی آخری منگل کو بکرے کا صدقہ کیا جائے گا، جس کی اطلاع ماہنامہ خزینہ روحانیات میں دے دی جائے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

** مصیبتیں اور پریشانیاں...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔

** مشکلیں...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔

** حاجت...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔

** سخت جادو...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔

** جنات اور شیاطین...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔

** رشتے اور شادی کے معاملات...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔

** بیماریاں...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔

** معاشی معاملات...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔

** ازدواجی و سسرالی مسائل...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات و شیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل و عیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جائے گا۔ جو احباب شامل ہونا چاہیں، وہ **3500** روپے ہر اسلامی ماہ کی بیس تاریخ تک ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام معہ والدہ، شہر اور مقصد/ حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام و شہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو و جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی و اہل و عیال کی حفاظت و نجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 042-35410586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah

پھٹی ایڑیوں کا نہایت آسان گھریلو علاج

ڈاکٹر حرا تنویر

ایڑیاں پھٹنے کی وجوہات

سردی کے آغاز سے ہی جلد اپنی قدرتی نمی کھونے لگتی ہے اور اس میں پیدا ہونے والا کھنچاؤ، ایڑھی کا ڈھیلی پڑنا اور جھریوں کے علاوہ سخت کھردری، پھٹی ایڑیوں کے مسائل بھی سامنے آتے ہیں۔ دراصل ہمارے جسم کی سب سے سخت جلد ایڑیوں کی ہوتی ہے اور جسم کے اس حصے میں نمی کی مقدار کم ہوتی ہے۔ اس وقت اگر لاپرواہی سے کام لیا جائے تو دن بدن جلد کھنچنے لگتی ہے جس سے کریکس یعنی دراڑیں پڑ جاتی ہیں۔

اس کے علاوہ کارپٹ پر ننگے پاؤں چلنے سے بھی پاؤں کی نچلی جلد روکھی اور خشک ہو جاتی ہے۔ اکثر اوقات خواتین موسمِ گرما میں بھی پھٹی ایڑیوں کی شکایت کرتی ہیں کیونکہ ان کے ہاتھ اور پاؤں زیادہ دیر تک پانی میں رہتے ہیں، جس سے جلد خشک ہو جاتی ہے۔ ایڑیوں کا پھٹنا وراثتی بھی ہو سکتا ہے، اس کے علاوہ کیراٹوڈرما بھی ایسی بیماری ہے جس سے ہاتھوں اور پاؤں کی نچلی جلد کے ساتھ ساتھ ایڑیاں بھی بری طرح سے متاثر ہوتی ہیں۔

جسمانی صحت وخوبصورتی کیلئے اقدامات کرتے ہوئے ہم اکثر ایڑیوں کو بھول بیٹھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ پھٹی ایڑیاں نا صرف بدصورتی کا باعث بنتی ہیں بلکہ ان کی وجہ سے تکلیف بھی اٹھانا پڑتی ہے۔

پھٹی ایڑیوں کا گھریلو علاج

اس مسئلے سے نجات کیلئے بہت ہی آسان گھریلو ٹوٹکے پیش خدمت ہیں۔

۱۔ سفید سرکے اور نیم گرم پانی:

ایک چوتھائی سفید سرکے کو نیم گرم پانی میں مکس کر کے اس میں پاؤں ڈبوئیں۔ یہ عمل ہفتے میں تین (3) مرتبہ کریں۔ اس عمل کو کرنے سے آپ کی ایڑھی کی جلد بہت جلد نرم وملائم ہو سکتی ہے۔

۲۔ زیتون کے تیل میں سفید سرکے:

زیتون کے تیل میں سفید سرکے کے چند قطرے یا لیموں کے چند قطرے ملا کر ایڑیوں کی مالش کریں اور رات بھر کیلئے اونی جرابیں پہنیں۔ صبح ایڑیاں دھو لیں۔

۳۔ کیلے کا پیسٹ:

کیلے کو مسل کر دس (10) منٹ کیلئے ایڑیوں پر لگائیں۔ اس پیسٹ میں ناریل پیس کر بھی مکس کیا جا سکتا ہے۔

۴۔ پیرافین ویکس اور سرسوں کا تیل:

پیرافین ویکس میں سرسوں کا تیل اچھی طرح ملا کر ایڑیوں پر مالش کریں اور رات بھر لگائے رکھنے کے بعد صبح دھو لیں۔ یہ عمل دس (10) سے پندرہ (15) دن تک جاری رکھیں۔

۵۔ زیتون کا تیل:

ایڑیوں کو نرم رکھنے کیلئے زیتون کے تیل میں لیموں کا رس یا لوینڈر کے تیل کے چند قطرے شامل کریں اور اسے وقتاً فوقتاً لگاتے رہیں۔

۶۔ ہلدی اور تیل کی مالش:

ہلدی میں تیل کو ملا کر متاثرہ حصے میں مالش کرنا پھٹی ہوئی ایڑیوں میں نمی بحال کرتا ہے، جبکہ سوجن یا درد میں کمی بھی لاتا ہے۔ اس کو معمول بنا لینا پیروں میں خون کی گردش بڑھا کر جلد کو مسائل سے دور رکھتا ہے۔

۷۔ کاٹن کی جرابوں کا استعمال:

ننگے پیر چلنا، پیروں کو بیکٹیریا اور مٹی کا آسان شکار بنا سکتا ہے۔ اسے آلودگی اور مٹی سے تحفظ دینے کے لیے کاٹن کی جرابوں کا استعمال اچھا خیال ہے۔

۸۔ لیموں کا استعمال:

سب سے پہلے ایک بڑے سائز کے لیموں کو دو (2) ٹکڑوں میں کاٹ لیں اور پھر اس کا عرق نکال لیں۔ آپ کو تمام عرق نکالنا ہوگا تاہم اس کے اندرونی گودے کا تھوڑا بہت حصہ دونوں ٹکڑوں میں چھوڑ دیجئے گا۔ اب دونوں ٹکڑوں کو ایڑیوں کے نیچے رکھ دیں اور دب جانے پر فکر مت کریں۔ اب ان ٹکڑوں سمیت پیروں پر موزے چڑھا لیں اور آدھے گھنٹے تک لیموں کے ٹکڑوں کو ایڑیوں سے چپکے رہنے دیں۔

۹۔ بند جوتوں کا استعمال:

سینڈل یا ایسے جوتے جن میں بیک اوپن ہو، وہ بھی ایڑیاں پھٹنے کا باعث بنتے ہیں بلکہ اسے بدترین بنا سکتے ہیں، تو بند جوتوں کا استعمال اس سے بچانے میں مدد دے سکتا ہے۔

۱۰۔ ناریل کا تیل:

خشک جلد کے لیے بہترین دوا ہے۔ یہ جلد میں نمی برقرار رکھتا ہے۔ جن خواتین یا حضرات کی ایڑیاں پھٹی ہوئی ہوں، وہ ان کو پانی میں بھگونے کے بعد ناریل کا تیل ضرور لگائیں۔ اس کے حوالہ سے کتابوں میں درج ہے کہ یہ ورم کش ہے۔

۱۱۔ پٹرولیم جیلی:

اگر آپ باقاعدہ طور پر اپنی پھٹی ہوئی ایڑیوں کو پومائس پتھر سے صاف کرتے ہیں اور پھر پیٹرولیم جیلی لگاتے ہیں تو اس سے آپ کو سوکھے پن سے نجات مل جائے گی۔ اگر آپ کسی پومیس پتھر سے اپنے پیروں کو صاف کرتے ہیں تو سونے سے پہلے ان پر پیٹرولیم جیلی لگائیں۔ آپ نرم اور زیادہ تر کریک فری ہیلز کے ساتھ جاگیں گے۔

۱۲۔ عرق گلاب اور گلیسرین:

برابر مقدار میں عرق گلاب اور گلیسرین مکس کریں اور اس مکسچر کو اپنی پھٹی ہوئی ایڑیوں کے اوپر رگڑیں۔ اگر کوئی کچھ کھلی ہوئی ہے یا خون بہہ رہا ہے تو یہ گلیسرین (جس میں الکحل ہوتا ہے) کے نتیجے میں ڈنک پڑ سکتا ہے۔ اس سے آپ کی جلد کو گھنٹوں نرم رہنا چاہئے اور آپ سینڈل پہننے یا ننگے پاؤں باہر گھومنے سے پہلے مرکب آسانی سے لگا سکتے ہیں۔

۱۳۔ پانی زیادہ پینا شروع کر دیں:

جب ایڑیاں پھٹتی ہیں تو یہ اچانک نہیں ہوتا درحقیقت یہ جسم میں پانی کی کمی کا نتیجہ بھی ہوتا ہے تو مناسب مقدار میں پانی پینا یقینی بنانا بھی اس مسئلے کو جلد حل کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ خشک موسم میں جلد زیادہ متاثر ہوتی ہے اور پانی پینے کی عادت جلد پھٹنے نہیں دیتی۔ آپ کے جسم کو ہائیڈریٹ رکھنا ضروری ہے کیونکہ اس سے آپ کے پیر خشک ہونے سے بچیں گے۔ ضروری ہے کہ آپ دن میں بارہ سے پندرہ (15-12) گلاس پانی پئیں۔ اگر یہ گھریلو ٹوٹکے آپ کو آرام نہیں دیتے تو آپ کو ماہر امراض جلد سے رجوع کرنا چاہیے۔

مفید طبی علاج

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ (میلسی)

سفوف ہاضم

جوکھار	۴ ماشہ
نشادر اصلی	۶ ماشہ
سنڈھ	۴ ماشہ
فلفل سیاہ	۴ ماشہ
فلفل دراز	۴ ماشہ
قلمی شورہ	۴ ماشہ
نمک طعام	۱ ماشہ
میٹھا سوڈا	۲ تولہ

خوراک: ۲ رتی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

سفوف بد ہاضمی

سوڈا بائیکارب	۱۰ تولہ
نمک طعام	۱ تولہ

تیل سنگترہ یا پودینہ یا سونف باہم ملا کر محفوظ کرلیں۔

خوراک: ایک (1) ماشہ۔ ایسی بدہضمی کے لئے جو بعد غذا ثقالت ہو یا منہ پانی سے بھر جائے یا بنڈ کاریں آئیں، تیر بہدف ہے۔

نسخہ لیکوریا مجرّب

گل سپاری، گل پستہ، طباشیر، نگجڑ احت، لودھ پٹھانی، ثعلب مصری، گیرو، پھٹکڑی......سب دوائیں ہموزن لے کر خوب باریک سفوف بنالیں، ان کے برابر چینی ملالیں، بس تیار ہے۔

خوراک: چھ (6) ماشہ صبح ہمراہ دودھ گائے کے استعمال کریں۔

بقیہ (ص 5): دار العمل چشتیہ کے 16 ویں اجتماع کی مختصر کارگزاری

اور دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کے رکن اور مجلس شوریٰ کے ساتھی مولانا قاری ممتاز صاحب کے ادارے اور مسجد جامع مسجد حسن جوہر آباد میں بھی اس کا باقاعدہ انتظام کیا گیا تھا۔ جہاں کافی ساتھیوں نے شرکت کی۔ اعمال کیے، دار العمل چشتیہ کے مرکزی اجتماع بمقام جامع مسجد اللہ اکبر بیدیاں روڈ لاہور میں بھی احباب کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اللہ پاک سب کا آنا اور اعمال کرنا قبول فرمائے۔ اجتماع میں دعائے حزب البحر، دعائے حزب النصر کی زکات صغیر اور کبیر کے علاوہ تمام شرکاء اجتماع نے دیگر بہت سارے اعمال کی ریاضت کی۔ روحانی لیکچرز ہوئے۔ روحانی سوالات و جوابات کی نشست ہوئیں، سحر و افطار کا اہتمام ہوا۔ آخر میں پیر طریقت استاد العالمین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب کے دست اقدس سے تمام شرکاء اجتماع کی دستار بندی ہوئی۔ پوری امت مسلمہ کیلئے عمومی طور پر اور آفت زدگان سیلاب زدگان کے لیے خصوصی طور پر دعائیں ہوئیں۔ اللہ پاک ہم سب پر رحم فرمائے۔

قارئین اس وقت پورا پاکستان امتحان میں ہے۔ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہر طریقے سے اپنے ان بھائیوں کا تعاون کیا جائے، ان کی مدد کی جائے، جو لوگ تعاون کر رہے ہیں اللہ پاک ان کا تعاون قبول فرمائے، پاک آرمی، رینجرز اور جتنے ادارے، ٹرسٹ، تنظیمیں، مدارس خدمات سرانجام دے رہے ہیں، اللہ پاک قبول فرمائے۔ حضرت ڈاکٹر صاحب اور دار العمل چشتیہ کا پیغام اپنے تمام روحانی طلباء وطالبات اور دار العمل چشتیہ کے تمام شعبہ جات سے استفادہ کرنے والے خواتین حضرات سے یہی ہے کہ اپنے اعمال کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ توبہ استغفار، نماز وتلاوت کا بھرپور اہتمام اور صدقات وخیرات عطیات کے ذریعے اپنے بھائیوں کا تعاون اور ان کے لیے صبح شام وظائف اور خصوصی دعاؤں کا اہتمام اپنے اپنے مدارس، مساجد، مراکز، درگاہوں، خانقاہوں، آستانوں پر صبح شام خصوصاً اور ہر نماز کے بعد عموماً کیا جائے۔ یا اللہ رحم کا سوال ہے۔ یا اللہ کرم کا سوال ہے، یا اللہ معافی کا سوال ہے۔ آمین ثم آمین

یہ دین بڑا قیمتی ہے

انتخاب: قاری ممتاز صاحب (جوہر آباد)

ایک استاد تھا۔ وہ اکثر اپنے شاگردوں سے کہا کرتا تھا کہ ”یہ دین بڑا قیمتی ہے۔“ ایک روز ایک طالب علم کا جوتا پھٹ گیا۔ وہ موچی کے پاس گیا اور کہا: ”میرا جوتا مرمت کردو۔ اس کے بدلہ میں، میں تمہیں دین کا ایک مسئلہ بتاؤں گا۔“

موچی نے کہا: ”اپنا مسئلہ رکھ اپنے پاس، مجھے پیسے دے۔“

طالب علم نے کہا: ”میرے پاس پیسے تو نہیں ہیں۔“

موچی کسی صورت نہ مانا اور بغیر پیسے کے جوتا مرمت نہ کیا۔ طالب علم اپنے استاد کے پاس گیا اور سارا واقعہ سنا کر کہا: ”لوگوں کے نزدیک دین کی قیمت کچھ بھی نہیں۔“

استاد بھی عقل مند تھے۔ طالب علم سے کہا:

”اچھا تم ایسا کرو، میں تمہیں ایک موتی دیتا ہوں۔ تم سبزی منڈی جا کر اس کی قیمت معلوم کرو۔“

وہ طالب علم موتی لے کر سبزی منڈی پہنچا اور ایک سبزی فروش سے کہا: ”اس موتی کی قیمت لگاؤ۔“ اس نے کہا کہ ”تم اس کے بدلے یہاں سے دو تین لیموں اٹھا لو۔ اس موتی سے میرے بچے کھیلیں گے۔“ وہ بچہ استاد کے پاس آیا اور کہا: ”اس موتی کی قیمت دو یا تین لیموں ہے۔“

استاد نے کہا: ”اچھا اب تم اس کی قیمت سنار سے معلوم کرو۔“ وہ گیا اور پہلی ہی دکان پر جب اس نے موتی دکھایا تو دکاندار حیران رہ گیا۔ اس نے کہا ”اگر تم میری پوری دکان بھی لے لو تو بھی اس موتی کی قیمت پوری نہ ہو گی۔“ طالب علم نے اپنے استاد کے پاس آ کر ماجرا سنایا۔ استاد نے کہا:

”بچے! ہر چیز کی قیمت اس کی منڈی میں لگتی ہے۔ دین کی قیمت اللہ کی منڈی میں لگتی ہے۔ اس قیمت کو اہل علم ہی سمجھتے ہیں۔ جاہل کیا جانے دین کی قیمت کو۔“

تین فطری قوانین جو کڑوے لیکن حق ہیں

مرسلہ: مولانا عبدالرحمٰن (قطر)

پہلا قانون فطرت

اگر کھیت میں ”دانہ“ نہ ڈالا جائے تو قدرت اسے ”گھاس پھوس“ سے بھر دیتی ہے۔ اسی طرح اگر ”دماغ“ کو ”اچھی فکروں“ سے نہ بھرا جائے تو ”کج فکری“ اسے اپنا مسکن بنا لیتی ہے۔ یعنی اس میں صرف ”الٹے سیدھے“ خیالات آتے ہیں اور وہ ”شیطان کا گھر“ بن جاتا ہے۔

دوسرا قانون فطرت

جس کے پاس ”جو کچھ“ ہوتا ہے، وہ ”وہی کچھ“ بانٹتا ہے۔ خوش مزاج انسان ”خوشیاں“ بانٹتا ہے۔ غمزدہ انسان ”غم“ بانٹتا ہے۔ عالم ”علم“ بانٹتا ہے۔ دیندار انسان ”دین“ بانٹتا ہے۔ خوف زدہ انسان ”خوف“ بانٹتا ہے۔

تیسرا قانون فطرت

آپ کو زندگی میں جو کچھ بھی حاصل ہو، اسے ”ہضم“ کرنا سیکھیں۔ اس لیے کہ کھانا ہضم نہ ہونے پر ”بیماریاں“ پیدا ہوتی ہیں۔ مال و ثروت ہضم نہ ہونے کی صورت میں ”ریاکاری“ بڑھتی ہے۔ بات ہضم نہ ہونے پر ”چغلی“ اور ”غیبت“ بڑھتی ہے۔ تعریف ہضم نہ ہونے کی صورت میں ”غرور“ میں اضافہ ہوتا ہے۔ مذمت کے ہضم نہ ہونے کی وجہ سے ”دشمنی“ بڑھتی ہے۔ غم ہضم نہ ہونے کی صورت میں ”مایوسی“ بڑھتی ہے۔ اقتدار اور طاقت ہضم نہ ہونے کی صورت میں ”خطرات“ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اپنی زندگی کو آسان بنائیں اور ایک ”بامقصد“ اور ”بااخلاق“ زندگی گزاریں۔ لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کریں۔

بی۔ پی نِل

بی۔ پی نِل چند قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص مرکب ہے جو کہ حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔

قیمت: 500 روپے پیکنگ: 50 گولیاں

آپ جانتے ہیں کہ ''ہائی بلڈ پریشر'' کا مرض بہت ہی عام ہوتا جا رہا ہے۔ ہر تیسرا فرد اس مرض کا شکار ہے۔ بے جا غصہ، ٹینشن، لڑائی جھگڑے کے پیچھے یہی مرض کارفرما ہے۔

بی۔ پی نِل ہائی بلڈ پریشر کے لئے تریاق کا کام کرتی ہے۔ بلڈ پریشر جتنا بھی تیز ہو **بی۔ پی نِل** کے استعمال سے اپنی نارمل حالت پہ آ جاتا ہے۔

فوائد: ✪ خون کے بڑھے ہوئے دباؤ (ہائی بلڈ پریشر) کو اعتدال پہ لاتی ہے ✪ ذہنی عدم توازن اور انتشار کے لئے مؤثر دوا ہے ✪ بے خوابی اور ذہنی پریشانی کے لئے بہت مفید ہے ✪ بے چینی اور گھبراہٹ کو دور کر کے طبیعت میں سکون پیدا کرتی ہے ✪ ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے رہنے والے دردِ سر کو دور کرتی ہے۔

خاص بات: بی۔ پی نِل کے کچھ عرصہ استعمال سے بعض دفعہ تو بلڈ پریشر کے مرض سے چھٹکارا ہی مل جاتا ہے۔

کیسٹر آئل

(60 ملی لیٹر) قیمت: 150 روپے

روغنِ ارنڈ

فوائد: ✪ قبض دور کرنے کے لئے مؤثر اور بے ضرر قدرتی دوا ہے ✪ پیچش کی دوا سے قبل اس کا استعمال بہت مفید رہتا ہے ✪ معدہ اور آنتوں میں جمع شدہ فاسد مواد کو بغیر کسی تکلیف کے خارج کرتا ہے۔

✪ آنتوں کے سدے کھولتا ہے ✪ استسقاء کو مفید ہے

✪ ورم کو تحلیل کرتا ہے ✪ پیٹ کو نرم کرتا ہے

✪ شیر خوار بچوں کو قبض، پیٹ، درد، مروڑ اور اینٹھن کی صورت میں پیٹ پر مالش بھی کریں اور آدھا چمچ چائے والا پلا بھی دیں۔

مردوں، عورتوں اور بچوں کو ہر عمر میں استعمال کرا سکتے ہیں۔

تریاق اٹھرا

قیمت 1250 روپے

پیکنگ: 120 گولیاں

اولاد اللہ کریم کی نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت ہے۔ اس سے محروم گھر جی جی کر مرتے اور مر مر کر جیتے ہیں۔ اس نعمت میں محرومی کا ایک اہم سبب ''اٹھرا'' کا مرض ہے۔ اس مرض میں بچے زندہ نہیں رہتے۔

تریاق اٹھرا: اس مرض کی تمام اقسام کا بار بار کا مجرب و آزمودہ شافی علاج ہے۔ اس کے استعمال سے خزاں رسیدہ گھروں میں خوشیوں کے پھول کھل اٹھتے ہیں۔ اس کے استعمال سے سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں خواتین اللہ کے فضل سے شفایاب ہو چکی ہیں۔ بچہ اور ماں دونوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ بچہ اور ماں دونوں کو صحت، تندرستی اور توانائی بخشتا ہے۔ اس کے استعمال سے پیدا ہونے والا بچہ خوب طاقتور اور تنومند ہوتا ہے، خوب صورت اور حسین و جمیل پیدا ہوتا ہے۔ انتہائی اہم اور ازحد مفید و مؤثر قیمتی اجزاء کا مرکب ہے۔ احتیاطاً ہر خاتون کو دورانِ حمل ضرور استعمال کر لینا چاہیئے۔

یاد رہے کہ تریاق اٹھرا آپ کے تصور سے کئی گنا قیمتی اور مہنگے اجزاء پر مشتمل ہے۔ اس کے باوجود مخلوقِ خدا کو انتہائی کم قیمت پر فراہم کیا جاتا ہے۔

معجون خاص

قیمت 1250 روپے

(ایک ماہ کا کورس)

گھر بھر کے لئے ایک انوکھا ٹانک۔ بچے، بڑے، بوڑھے، جوان، مرد، عورت، صحت مند، مریض سب کے لئے، ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔

اہم فوائد: ✪ بڑھا ہوا پیٹ اور کولہے ✪ کمر درد ✪ جوڑوں کا پرانا درد ✪ دماغی کمزوری ✪ بلغمی امراض ✪ اعصابی کمزوری ✪ گیس تبخیر الغرض تمام امراض میں بے حد مفید۔ غرض یہ کہ ''**معجون خاص**'' پورے بدن کے لئے ایک لاجواب ٹانک ہے ✪ جگر کے لئے بے حد مفید ہے ✪ خون کی کمی کو دور کرتا ہے ✪ عام جسمانی کمزوری، سانس کا پھولنا، کام میں دل نہ لگنا، ہاتھ پاؤں کا سونا اور اعصابی تھکان میں بہت مفید ہے ✪ گردے اور مثانے کو طاقت دیتا ہے ✪ پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے ✪ بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے ✪ ہارمونز کا نظام بہتر کرتا ہے ✪ ''معجون خاص'' قدرتی کیلشیم، فولاد، پروٹین، فاسفورس اور زنک کا ایک بیش قیمت مرکب ہے

مراقبہ رُوحانی پرواز یعنی جسمِ لطیف کی عالمِ بالا کی سیر

اس کورس کی عملی تربیت انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پیرانارمل سائنسز، اسلام نگر حویلی لکھا میں پیر صوفی غلام سرور شباب کی زیر نگرانی دی جاتی ہے۔ یہ کورس ایک مراقبہ پر مشتمل ہے۔ اس مراقبہ میں رُوحانی طالب علم کو عملی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ کیسے اپنے پیکرِ رُوحانی (جسمِ لطیف) کو اپنے مادی جسم سے عالمِ بالا کی طرف بھیج کر دیگر رُوحانی جہانوں کی سیر کر سکتا ہے۔ یہ کورس تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں کورس کی تفصیل اور تھیوری دی گئی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں۔

رُوحانی گائیڈ (ملک خضرائیل) اور (یوشاہ ملک) اور (شاعون خاتون) اُس کی کس طرح رہنمائی کرتے ہیں۔ روضہِ رسول ﷺ پر حاضر ہو کر کس طرح رُوحانی فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔ بغداد شریف میں جناب غوث الاعظم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کیسے فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔ رُوحانی مخلوق سے ملاقات کر کے کس طرح اُن سے قدیم ترین علوم کے بارے میں معلومات حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہ کورس اُن کے لیے بھی مفید ہے جو کسی خاص قسم کے مسائل کا شکار ہوں یا کسی ایسی بیماری میں گھرے ہوں جس کی تشخیص نہ ہو پا رہی ہو۔ یا علاج سمجھ میں نہ آرہا ہو۔ مثلاً عورتوں کے چہرے کی خوب صورتی، چہرے پر بال وغیرہ سیلز مین اور مارکیٹنگ سے متعلقہ افراد اپنی شخصیت کو پر کشش اور بارعب بنانا چاہتے ہوں۔ ڈاکٹر اور حکیم شفا بخشی کی قوتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں۔ طالب علم جو کند ذہنی ونسیان سے چھٹکارا پانا چاہتے ہوں۔ اور اپنی یادداشت میں خاطر خواہ اضافے کے طالب ہوں۔ رُوحانی طالب علم کو اس کی عملی تربیت دی جاتی ہے۔ چند گھنٹوں کے اس مراقبہ میں رُوحانی طالب نئے جہانوں سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔

جب کہ حصہ سوم میں "کوہ کاف میں ملکِ جنات اور پرستان کی سیر"۔ جنات کے بادشاہ (دَمریاط الصندید) کی بارگاہ میں شرف یابی"۔ "سات سو بادشاہوں کی ملکۃ الجمال کی بارگاہ میں شرف زیارت" مشرقی، مغربی، سمندری اور خشکی کے جنات کے بادشاہ ملک طارش کی بارگاہ میں حاضری کا مراقبہ شامل ہے۔

کورس کی فیس: 10,000 روپے

سیکھنے والے فرد کا ادارہ میں حاضر ہونا ضروری ہے

خیر اندیش
علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب
0300-4967412, 0333-6974734

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہوسکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے — مکمل حصہ: 1000 روپے

تکمیل حاجات نمبر

اپریل 2019

قیمت: 120 روپے

حاجت کیلئے بے مثال عمل ● نماز دعاء الحاجات ● ہر قسم کی مشکل اور ہر حاجت کے لئے سورۂ یٰس کا خاص عمل ● استاذ العالمین حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب کے تکمیل حاجات کے مجرب اعمال ● جدول قاضی الحاجات ● دعا سورۂ یٰسین، ہر حاجت پوری ہونے کے لئے مجرب ● عزیمت جامع المکروب ● تکمیل حاجات کے سریع التاثیر اعمال ● عاملین وکاملین کے تکمیل حاجات کے مجرب اعمال ● دعائے اسم اعظم ● عمل حاجت روائی اور نقش حل المشکلات ● تکمیل حاجات کے لیے ایک مجرب، آزمودہ عمل ● تکمیل حاجات کیلئے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد فرمودہ مبارک عمل ● قرآنی وظائف برائے تکمیل حاجات

3 عدد روحانی مسائل نمبر خریدنے پر 120 روپے ڈسکاؤنٹ حاصل کیجئے
3 خاص نمبروں کی قیمت: 360 روپے، رعائتی قیمت: 240 روپے

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ ________ نومبر 2022ء

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ اعمال ________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ ________ نومبر 2022ء

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ علاج ________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/ تعویذات/ وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 0342-7772772 | 042-35410586

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
58
نومبر 2022ء
اگربتیوں پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جن کی وجہ سے ان اگربتیوں کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔
1
برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات
جادو اور جنات و شیاطین کے بداثرات دور کرنے میں بے حد مفید
قیمت: 150 روپے
5
برائے دفع نحوست
ہر طرح کے نحس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے مفید
قیمت: 200 روپے
2
برائے دفع جناتی اثرات
جنات کے بداثرات دور کرنے میں لاجواب
قیمت: 150 روپے
6
برائے حصول برکت
اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی
قیمت: 200 روپے
3
برائے دفع جادوئی اثرات
جادو کے بداثرات دور کرنے میں بہت نافع
قیمت: 150 روپے
برائے واپسی سحر
ماہر عاملین کے خاص دم سے تیار شدہ روحانی اگربتی برائے واپسی سحر
قیمت: 250 روپے
4
برائے دفع نظر و حسد
کراماتی اگربتی نظر بد کے بداثرات کا خاتمہ کرتی ہے
قیمت: 200 روپے
فی پیکٹ 30 اگربتیاں
اکٹھی 7 اگربتیوں کی خریداری پر 30% رعایت
یہ پیشکش صرف نومبر 2022ء تک کیلئے ہے
قیمت: 1300 روپے رعائتی قیمت: 910 روپے
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0334-4312272 0320-4312272 042-35420586
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com

پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن 2022

ملک بھر سے عاملین اور روحانی علوم کے ماہرین کا پہلا آل پاکستان روحانی کنونشن جس میں حضرت پیر بہادر علی شاہ علوی روحانی ایوارڈ اور سند عامل کامل اور سند روحانی معالج پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی نے عطا فرمائیں۔ زیر اہتمام ادارہ فیضان روحانیہ (رجسٹرڈ) پاکستان اسلام لنگر حویلی لکھا: ضلع اوکاڑہ پنجاب